# گُلاب

نرسری جماعت کے طلبا کے لیے

اُردو کا گُلدستہ

نظرِ ثانی شدہ ایڈیشن

فوزیہ احسان فاروقی

## (رہنمائے اساتذہ)



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

# فہرست


- تعارف ........................................ iv
- مقاصد برائے درسی کتاب گلاب................. v
- عمومی ہدایات برائے اساتذہ.................. vi
- تختۂ نرم کی تجاویز........................ vii
- گلاب میں کام کا طریقۂ کار ................. viii

**یونٹ نمبر ۱**

- یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ............ ۲
- یونٹ کی پڑھائی کے لیے ہفتہ وار منصوبہ بندی:
  - پہلا اور دوسرا ہفتہ ..................... ۳
  - تیسرا اور چوتھا ہفتہ ..................... ۶
  - پانچواں اور چھٹا ہفتہ ..................... ۸
  - ساتواں ہفتہ ..................... ۱۰
  - آٹھواں ہفتہ ..................... ۱۴

**یونٹ نمبر ۲**

- یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ............ ۱۶
- یونٹ کی پڑھائی کے لیے ہفتہ وار منصوبہ بندی:
  - پہلا اور دوسرا ہفتہ ..................... ۱۷
  - تیسرا ہفتہ ..................... ۲۰
  - چوتھا ہفتہ ..................... ۲۲
  - پانچواں ہفتہ ..................... ۲۴

**یونٹ نمبر ۳**

- یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ............ ۲۶
- یونٹ کی پڑھائی کے لیے ہفتہ وار منصوبہ بندی:
  - پہلا ہفتہ ..................... ۲۷
  - دوسرا ہفتہ ..................... ۲۹
  - تیسرا ہفتہ ..................... ۳۱
  - چوتھا ہفتہ ..................... ۳۲
  - پانچواں ہفتہ ..................... ۳۴
  - چھٹا ہفتہ ..................... ۳۶
  - ساتواں ہفتہ ..................... ۳۸

**یونٹ نمبر ۴**

- یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ............ ۴۰
- یونٹ کی پڑھائی کے لیے ہفتہ وار منصوبہ بندی:
  - پہلا ہفتہ ..................... ۴۱
  - دوسرا ہفتہ ..................... ۴۳
  - تیسرا ہفتہ ..................... ۴۵
  - چوتھا ہفتہ ..................... ۴۷
  - پانچواں ہفتہ ..................... ۴۹

**یونٹ نمبر ۵**

- یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ............ ۵۱
- یونٹ کی پڑھائی کے لیے ہفتہ وار منصوبہ بندی:
  - پہلا ہفتہ ..................... ۵۲
  - دوسرا ہفتہ ..................... ۵۴
  - تیسرا ہفتہ ..................... ۵۶
  - چوتھا ہفتہ ..................... ۵۸
  - پانچواں ہفتہ ..................... ۶۰

**یونٹ نمبر ۶**

- یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ............ ۶۲
- یونٹ کی پڑھائی کے لیے ہفتہ وار منصوبہ بندی:
  - پہلا ہفتہ ..................... ۶۳
  - دوسرا ہفتہ ..................... ۶۵
  - تیسرا ہفتہ ..................... ۶۷
  - چوتھا ہفتہ ..................... ۶۹
  - پانچواں ہفتہ ..................... ۷۱
  - چھٹا ہفتہ ..................... ۷۳
  - بچوں کے کام کے نمونے ..................... ۷۵

# تعارف

یہ رہنمائے معلمات اُردو کا گلدستہ سیریز کی کتاب 'گلاب' برائے نرسری کے لیے تیار کی گئی ہے۔ مددگار کُتب ''اُردو خوشخطی سلسلہ'' (حصہ اوّل) ، ''قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے'' (حصہ اوّل) اور معاون کتاب ''غبّارے'' کا مواد بھی اس منصوبہ بندی کا حصّہ بنایا گیا ہے۔ اس کے ساتھ اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس سے شائع شدہ فلیش کارڈز کے استعمال کا طریقہ بھی شامل کیا گیا ہے۔

جماعت اول سے قبل پری پرائمری کی تین جماعتوں میں طلبا کی قبل از پڑھائی اور قبل از لکھائی(Pre-reading and pre-writing) مہارتوں پر کام کیا جاتا ہے۔ خواندگی (literacy) کے بنیادی اہداف کا حصول جب ہی ممکن ہے جب طلبا کی مشاہدے (observation) کی صلاحیتوں کو بامعنی اور بامقصد بنایا جائے۔ ہاتھوں اور جسمانی حرکات پر قابو پانے کی مختلف مشقوں کے ساتھ ساتھ طلبا علامتیں ، ہندسے ، اشارے ، نقاط کی پہچان کرسکیں۔ کہانیوں اور نظموں کے ذریعے فہم اور ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ بھی اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے۔

اس عمر میں طلبا کی سیکھنے کی صلاحیتیں اپنے عروج پر ہوتی ہیں۔ وہ بیک وقت بہت سی مہارتوں کے حصول کی کوشش کررہے ہوتے ہیں۔ یہ کوششیں اگر منظّم اور بتدریج کی جائیں تو بہت مثبت نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

امید ہے کہ یہ رہنمائے معلمات ، اساتذہ کے لیے بہت سی آسانیاں فراہم کرے گی۔ اس کا بغور مطالعہ جماعت میں طلبا کی پڑھنے ، لکھنے ، سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیتوں کی نشوونما میں بہت مددگار ہوگا۔ انشاء اللہ

# مقاصد برائے درسی کتاب گلاب

## سننا

- ماحول میں پائی جانے والی اشیا کا نام سننا اور پہچاننا، شروع اور آخر کی آواز پر توجہ دے کر پہچاننا۔ ہدایات غور سے سن کر سمجھنا۔ کہانیاں ،نظمیں ، واقعات ، پہیلیاں ، لطائف سن کر محظوظ ہونا۔

## بولنا

- ماحول میں پائی جانے والی اشیا کے اُردو نام دُہرانا۔ کہانیاں ،نظمیں ، واقعات سن کر دہرانا ، حروف ، مصوّتوں اور الفاظ کی ادائیگی کرنا۔

## پڑھنا

- تصاویر بغور دیکھنا ، حروف پہچاننا ، بصری طریقۂ تدریس سے سکھائے جانے والے الفاظ پڑھنا۔

## لکھنا

- عمودی ، ترچھی ، افقی ، دائیں سے بائیں اور بائیں سے دائیں لکیریں بنانا ، حروف درست بناوٹ سے لکھنا۔

## تخلیقی لکھائی کی تیاری:

- حروف ، الفاظ ، سنی گئی کہانیوں اور نظموں کے متعلق تصویری اظہار کرنا۔

**معاون کتب :** اُردو خوشخطی سلسلہ حصہ اوّل۔

غبّارے (معاون کتاب)

**حوالہ:** قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصہ اوّل برائے ذخیرۂ الفاظ اور حروف تہجّی۔

# عمومی ہدایات برائے اساتذہ


- استعمال کی جانے والی کتاب کو خود پڑھ لیجیے۔ (خصوصی طور پر رہنمائے اساتذہ)
- مددگار مواد مثلاً تراشے (کٹ آؤٹس)، کھلونے، حقیقی اشیا وغیرہ پہلے سے تیار رکھیے۔
- اپنی منصوبہ بندی میں نظمیں، پہیلیاں شامل رکھیے۔
- طلبا کی حوصلہ افزائی ہمیشہ کیجیے۔
- ہر روز جماعت میں پڑھائی شروع کرتے وقت گزشتہ دن کے کاموں کا اعادہ کروائیے۔
- سال کے شروع میں ننھّے طلبا کو ماحول، استاد اور روز مرہ کے معمولات سے مانوس ہونے کے لیے وقت درکار ہوتا ہے جبکہ سال کے آخر میں طلبا کے سیکھنے کا عمل بہت تیز ہوجاتا ہے۔ اسی نکتہ کو ذہن میں رکھتے ہوئے یونٹ نمبر ا کی منصوبہ بندی میں یہ گنجائش رکھی گئی ہے کہ اساتذہ وقت کی تقسیم اپنے لحاظ سے کریں۔ تمام کام کروائے جانے ضروری ہیں لیکن طلبا کی صوابدید اور معیار کو دیکھتے ہوئے کاموں کا وقت مقرر کیجیے۔ اسی لیے پہلے یونٹ کی تقسیم ہفتہ وار کے بجائے دو ہفتے کی گئی ہے۔

نوٹ: کام کی نوعیت اور بچوں کے سیکھنے کی صلاحیت اور رفتار کے پیش نظر منصوبہ بندی میں کمی یا زیادتی کی جا سکتی ہے۔

## تختۂ نرم کی تجاویز:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## تختۂ نرم کا مثالی نمونہ




ذخیرۂ الفاظ

| | | | |
|---|---|---|---|
| یہ | وہ | زارا | علی |
| ہے | امّی | ابّو | لال |


نوٹ: تختۂ نرم کا یہ ایک مثالی نمونہ ہے جو اساتذہ کو درسی کتاب 'گلاب' کے تمام یونٹوں کی پڑھائی (خصوصاً حروفِ تہجی) کے لیے تختۂ نرم کی تیاری میں رہنمائی فراہم کرے گا۔

# گلاب میں کام کا طریقۂ کار (اہم نکات)

- کام شروع کروانے سے قبل بورڈ پر صفحہ ہو بہو بنائیے (تصاویر کی بڑی فوٹو کاپی چپکائی جا سکتی ہے۔)
- بڑے جلی حروف میں رنگین چاک سے درست سمت میں لکھ کر دکھائیے۔ طلبا کو ہدایت دیجیے کہ وہ ہاتھ اٹھا کر ہوا میں آپ کی طرح لکھیں۔
- چھوٹے حروف کی پہلی سطر بھی درست طریقے سے لکھ کر دکھائیے۔ اس دوران زبانی ہدایت دُہراتے رہیے۔

- لکھیے اور رنگ بھریے ان علامات کے فلیش کارڈز بنا کر روزانہ دکھائیے تاکہ بچے ہدایات پہچاننا شروع کر سکیں۔
- دکھاتے ہوئے ہدایت دہرائیے۔


- تصاویر کے اندر عمدگی سے رنگ بھرنا سکھائیے۔ تاکہ طلبا کی پنسل پر گرفت مضبوط ہو اور حرکات پر قابو پا کر درست سمت میں لکھنا سیکھ سکیں۔




- لکھائی کا کام شروع کرتے وقت بڑے حروف میں مختلف رنگوں کی پنسلوں سے پانچ بار تیر کے نشان کی سمت میں لکھوائیے۔
- کام کرواتے وقت ذخیرۂ الفاظ دہراتے رہیے تاکہ آواز کی پہچان لکھنے کے ساتھ ساتھ ہوتی رہے۔
- شروع کے نقطے اور تیر کے نشان کی یاد دہانی اور پہچان کروائیے۔
- تیر کے نشان کی سمت میں لکھنا سکھائیے۔
- زبانی ہدایت کام کے دوران ضرور دہراتے رہیے کیونکہ دہراتے رہنے سے طلبا درست بناوٹ یاد رکھتے ہوئے کام کرتے ہیں۔

## صوتی طریقے سے سکھائے جانے والے حروف

مثال: ب بے اس کا نام ہے اور آواز وہ جو لفظ کتاب کے آخر میں آتی ہے۔


لکھیے

ب پ ت ٹ ث

ب

ب

رنگ بھریے

لال

مقصد: 'ب' سے 'ث' تک ترتیب وار لکھائی۔ لفظ 'لال' کی پہچان اور لال رنگ کی پہچان۔

سرگرمی: اردگرد موجود لال چیزوں کی تصاویر بنوائیے۔

۱۱

OXFORD UNIVERSITY PRESS

## بصری طریقے سے سکھایا جانے والا لفظ

مثال: یہ الفاظ مکمل شکل میں طلبا کو یاد کروائیے۔


تصویری یادداشت (Photo Memory) میں محفوظ کروائیے۔


ہجے یا آوازوں سے نہیں پڑھائیے۔ روزانہ لفظ کا فلیش کارڈ دکھانے سے طلبا پڑھنے پر قادر ہوجاتے ہیں۔

## سکھانے کا طریقۂ کار

### تعارف ← مشق ← جانچ

- ہر یونٹ کے آخر میں دیے گئے جانچ کے یہ صفحات آپ کو طلبا کے معیار کو سمجھنے اور انفرادی طور پر ہر بچے پر توجہ دینے میں مدد کے لیے ہیں۔



| | |
|---|---|
| ب | ☺ |
| پ | 😐 |
| ت | ☺ |
| ٹ | ☺ |
| ث | ☹ |

حروف کے ہر خاندان کی جانچ کے بعد اس صفحے پر طلبا سے ان کا اپنا جائزے کا اندراج دلچسپ انداز میں کروائیے۔ انفرادی طور پر پوچھیے بورڈ پر وضاحت کیجیے۔ اگر آپ کو بہت اچھی طرح یہ حرف آتا ہے تو ☺ بنائیے نہیں آتا تو ☹ بنائیے کچھ مشکل ہوتی ہے تو 😐 بنائیے۔

تاریخ ۲/۳/۱۳ ........ دستخط ........

## حروف کی پہچان

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ب | ☐ | س | ☐ | ا | |
| پ | ☐ | ش | ☐ | و | |
| ت | ☐ | ص | ☐ | ی | |
| ٹ | ☐ | ض | ☐ | ے | |
| ث | ☐ | ط | ☐ | | |
| تاریخ ........ | | ظ | ☐ | تاریخ ........ | |

| | |
|---|---|
| ☐ | ج |
| ☐ | چ |
| ☐ | ح |
| ☐ | خ |
| تاریخ ........ | |
| ☐ | د |
| ☐ | ڈ |
| ☐ | ذ |
| ☐ | ر |
| ☐ | ڑ |
| ☐ | ز |
| ☐ | ژ |
| تاریخ ........ | |

تاریخ ........

| | |
|---|---|
| ع | ☐ |
| غ | ☐ |
| ف | ☐ |
| ق | ☐ |
| ک | ☐ |
| گ | ☐ |
| تاریخ ........ | |
| ل | ☐ |
| م | ☐ |
| ن | ☐ |
| ہ | ☐ |
| تاریخ ........ | |

ذخیرۂ الفاظ: کلیاں (پری نرسری) کا اعادہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ یہ | ☐ | ۵۔ امی | ☐ |
| ۲۔ وہ | ☐ | ۶۔ ابو | ☐ |
| ۳۔ زارا | ☐ | | |
| ۴۔ علی | ☐ | | |

ذخیرۂ الفاظ (نئے الفاظ)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ ہے | ☐ | ۸۔ گیند | ☐ |
| ۲۔ لال | ☐ | ۹۔ کی | ☐ |
| ۳۔ نیلا | ☐ | ۱۰۔ کون | ☐ |
| ۴۔ پیلا | ☐ | ۱۱۔ کہاں | ☐ |
| ۵۔ کیا | ☐ | ۱۲۔ ہیں | ☐ |
| ۶۔ کتاب | ☐ | | |
| ۷۔ گڑیا | ☐ | | |

حرف کی پہچان ہونے کے بعد آواز پر (✓) کیجیے اور حروف کے خاندان کی تکمیل کی تاریخ لکھیے۔

## یونٹ کے مقاصد:

- طلبا ماحول اور معلّم سے مانوس ہوسکیں۔
- سننے ، بولنے ، پڑھنے اور لکھنے کی مہارتوں کے حصول کے لیے تیار ہوسکیں۔
- مشاہدہ کرنے اور اُن سے متعلق سوالات کے جوابات دے سکیں۔
- شروع کی آواز پہچان سکیں۔ (صوتی طریقۂ تدریس کے ذریعے)
- ایک جیسی اشیا ، شروع کا نقطہ اور تیر کے نشان کو پہچان سکیں۔
(یہ جان سکیں کہ رنگین نقطہ شروع کرنے اور تیر کا نشان کسی سمت کی نشاندہی کرتا ہے۔)
- بصری طریقۂ تدریس (Sight reading) کے ذریعے الفاظ پڑھنے کی کوشش کرنا شروع کرسکیں۔
- 'ب سے ث' تک حروف تہجی کی پہچان کرسکیں اور لکھ سکیں۔
- 'ب سے ث' کی ترتیب جان سکیں اور لکھائی کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- ماحول ، اشیا ، تختۂ نرم ، تختۂ تحریر (بورڈ) ، رنگین پنسلیں
- گلاب صفحہ نمبر ۱ سے ۱۳
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۱ سے ۱۳
- معاون کتاب 'غبارے' صفحہ نمبر ۲ سے ۸ (کہانی کھیل)

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۱ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق صفحہ vii کے مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو تبدیل کرکے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔ مثلاً 'ب' کے بعد 'پ' کی پڑھائی کے لیے 'پ' سے شروع ہونے والی اشیا ، تصاویر اور 'پ' کا ذخیرۂ الفاظ لگائیے۔

## پہلا اور دوسرا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- طلبا ماحول اور معلم سے مانوس ہوسکیں۔
- مشاہدہ کرنے کی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال سیکھ سکیں۔
- پڑھنے اور لکھنے کی بنیادی مہارتیں حاصل کرنے کے لیے تیار ہوسکیں۔
- سن کرعمل کرنے کی صلاحیت پیدا کرسکیں۔
- شروع کی آواز پہچان سکیں۔ (صوتی طریقۂ تدریس کے ذریعے)
- فہم کی نشوونما ایک جیسی اشیا کو پہچان کر ملاسکیں۔
- نقطہ اور تیر کا نشان پہچان سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ رنگین نقطہ شروع کرنے اور تیر کا نشان کسی سمت کی نشاندہی کرتا ہے۔
- بصری طریقۂ تدریس (Sight reading) کے ذریعے الفاظ پڑھنے کی کوشش کرنا شروع کرسکیں۔

### مددگار مواد:

- ماحول ، اشیا ، تختۂ نرم ، تختۂ تحریر (بورڈ) ، رنگین پنسلیں
- کتاب ، گلاب (اُردو کا گلدستہ)
- مجوزہ معاون کتب اُردو خوشخطی سلسلہ (حصّہ اوّل)
- غبّارے (گلاب کی معاون کتاب برائے مطالعہ)

### طریقۂ کار:

☆ بچوں کے ساتھ زمین ، دری یا قالین پر بیٹھیے۔

- بچوں سے اپنا تعارف کروائیے۔ باری باری ہر بچے سے اس کا نام پوچھیے اور دہرائیے۔
- انسیت پیدا کرنے کے لیے کچھ سوالات کیجیے اور اپنے بارے میں بھی بتائیے ، مثلاً:

  آپ کتنے بہن بھائی ہیں؟

  آپ کو کھانے میں کیا پسند ہے؟

  کون کون سے کھیل کھیلنا اچھا لگتا ہے؟

- بچوں کے بتائے ہوئے جوابات کو درست مکمل جملوں میں تبدیل کرکے دہرائیے۔


  روزانہ بچوں کے ساتھ سرگرمیاں کیجیے۔

- ماحول میں پائی جانے والی اشیا کو دیکھ کر ان کے اُردو نام بتائیے ، مثلاً:

میز، کرسی ، پنسل ، پنکھا ، فرش ، چھت...... پھر باری باری بچوں سے پوچھیے۔ درست جواب دینے والے بچوں کو شاباش دیجیے۔

- بسم اللہ کا کھیل کھیلیے (طریقہ: صرف وہ کام کرنا ہے جس کی ہدایت سے پہلے بسم اللہ کہا گیا ہو ، مثلاً 'بسم اللہ کھڑے ہوجائیں' تو کھڑے ہونا ہے ، اگر صرف 'کھڑے ہوجائیں' کہا جائے تو کھڑا نہیں ہونا ہے۔)
- شروع کی آواز کا تعارف کروائیے ، بتائے گئے ناموں جیسے میز ، کرسی ، پنسل کے شروع کی آواز بتائیے ، مثلاً:
  م۔میز ، ک۔کرسی ، پ۔پنسل
- بچوں کی کتابوں سے دوستی کروائیے۔ 'گلاب' کے ساتھ معاون کتاب 'غبارے' اور اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) کی کتابیں دکھائیے۔ بتائیے کہ ہم یہ سب کتابیں مزے سے پڑھیں گے اور ان میں لکھیں گے۔'غبارے' کا ٹائٹل دکھائیے۔صفحہ نمبر ۲ اور تین کھول کر دکھائیے۔ بتائیے کہ کہانی کا نام ہے 'کھیل' اور آپ کو ان تصاویر میں کیا کیا نظر آرہا ہے؟ کون کیا کررہا ہے؟ نظر آنے والی چیزوں کے نام خود بتائیے اور پوچھیے۔
- ان بچوں سے تعارف کروائیے جن کے بارے میں کل بات نہ ہوئی ہو (ان کا نام ، بہن بھائی...... پسند ، ناپسند)
- شروع کی آواز کا اعادہ کروائیے ، مثلاً:
  م۔میز ، ک۔کرسی ، د۔دیوار
- کتاب 'گلاب' کا تعارف کروائیے۔ سرورق دکھائیے اور اس کے بارے میں بات کیجیے۔ کیا کیا نظر آرہا ہے ، رنگ بتائیے۔ سرورق پر لڑکی کی تصویر کے بارے میں بات کیجیے ، اس نے کیا پہنا ہے؟ کیا کررہی ہے؟ کیا آپ کو بھی پڑھنے کا شوق ہے؟
- صفحہ نمبر ا کھلوائیے اور 'دعا' (رہنما ہدایات برائے اساتذہ ، گلاب صفحہ ۷۷) میں سے دیکھ کر ترنم سے پڑھیے اور بچوں سے دہرانے کے لیے کہیے۔
- اسی صفحے کی تصاویر میں رنگ بھروائیے ، رنگ بھرتے ہوئے بچے دعا دہراتے رہیں۔
- گلاب صفحہ نمبر ۲ سے قبل تیاری کے طور پر ماحول میں پائی جانے والی اشیا کی طرف توجہ مرکوز کروائیے۔ مثلاً طلبا کے جوتے ، دو ایک جیسی پنسلیں ، ایک جیسی دو کتابیں ، ایک جیسے دو دروازے ، کھڑکیاں......
- بورڈ پر گلاب صفحہ نمبر ۲ بنائیے ، کام کا طریقہ سکھائیے۔ کتاب میں کام کرواکے رنگ بھی بھروائیے۔
- انگلی سے ریت میں نقطے لگانے کی مشق کروائیے۔
- طلبا کو چاک/ مارکر دے کر سلیٹ/ بورڈ پر نقطے لگانا سکھائیے۔ بتائیے کہ نقطہ گول نہیں بنانا بلکہ چاک/ مارکر کو سلیٹ/ بورڈ پر دبا کر ہٹا لینا ہے۔
- بورڈ پر اُردو خوشخطی سلسلہ حصہ اوّل کا صفحہ نمبر ا بنائیے۔
  طلبا کے سامنے رنگین چاک سے نقطے لگائیے۔
- طلبا سے کتاب کا صفحہ نمبر ا کھلوا کر اس میں رنگین پنسلوں سے نقطے لگوائیے۔ مدد کیجیے۔
- اچھا کام کرنے پر شاباش دیجیے۔
- شروع کی آوازوں کی مشق کروائیے۔ ایک ٹوکری میں مختلف اشیا مثلاً گیند ، باجا ، بطخ ، جہاز (کھلونا) پنسل ...... رکھیے۔ آنکھیں بند کرکے اُٹھائیے اور پھر دیکھ کر اس چیز کا نام اور نام کے شروع میں آنے والی آواز بتائیے۔

- بڑا سا تیر کا نشان بورڈ پر بنائیے۔




تیر کے اندر رنگین چاک سے خود درست سمت میں لکیر کھینچ کر دکھائیے۔ دائیں سے بائیں اور بائیں سے دائیں۔
تیر کے گتے کے کٹ آؤٹ زمین پر رکھیے اور طلبا سے اُن کی سمت میں چلنے کے لیے کہیے۔ پھر تیر کا رخ بدلیے اور وہی ہدایت دوبارہ دیجیے۔

- شروع کے نقطے کی پہچان اور تیر کے نشان کا مقصد سمجھانے کے بعد اُردو خوشخطی سلسلہ حصہ اوّل کے صفحات نمبر ۲ ، نمبر ۳ ، نمبر ۴ ، نمبر ۵ اور نمبر ۶ بورڈ پر سمجھا کر انفرادی توجہ سے کروائیے۔

نوٹ: ان صفحات کو طلبا کے معیار اور اپنے وقت کے لحاظ سے دو یا تین دن میں کروایا جا سکتا ہے۔

- شروع کی آوازوں کی پہچان کروائیے۔ ایک ٹوکری میں رکھی گئی 'ب' سے شروع ہونے والی اشیا دکھا کر ان کے نام بتائیے ، مثلاً: بلّی (کھلونا) ، بستر (کھلونا یا تصویر) بٹن ، باجا ، بوتل ، ان سب کے شروع کی آواز 'ب' بتائیے۔
- کہانی سنائیے۔ ایک دن بارش ہورہی تھی۔ بارش میں بطخ نہائی ، ننھی بوندیں...... کہانی سنانے کے بعد کہانی میں آنے والے 'ب' کے الفاظ پوچھیے اور بتائیے۔
- گلاب کا صفحہ نمبر ۳ ، بورڈ پر بنائیے اور تیر کے نشان کی سمت میں پنسل پھیرنے کی واضح ہدایات دیجیے۔ بسم اللہ پڑھ کر کام شروع کرنے کی ترغیب دیجیے۔ کام کے دوران نگرانی کیجیے کہ بچے درست سمت میں ہی لکھ رہے ہوں۔
- بطخ/بلّی کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھروائیے ، بچے بڑے حرف پر پنسل بھی پھیریں۔



- لکھائی کی تیاری کے لیے طلبا سے ریت ، مٹی ، ہوا اور میز پر انگلیوں کی مدد سے لکھنے کی مشق کروائیے۔ بنائے گئے نشانات پر انگلی / دو انگلیاں پھروائیے۔
- 'ب' کی آواز کی مشق کروائیے۔ بورڈ پر بڑا حرف 'ب' لکھ کر اس پر بار بار چاک پھیریے اور بچوں سے کہیے کہ وہ بھی ہاتھ اٹھا کر ہوا میں آپ کے ساتھ ہاتھ کو حرکت دیں۔ بورڈ پر 'ب' لکھتے ہوئے ، گلاب کا صفحہ نمبر ۴ بورڈ پر بنائیے اور کام کا طریقہ سمجھائیے۔

کام کے دوران نگرانی کیجیے کہ بچے درست طریقے سے لکھ رہے ہوں۔ جن طلبا کو دشواری ہو ، ان سے دوبارہ ریت ، میز اور ہوا میں 'ب' بنوائیے۔ کچھ بچوں کو چاک سے بورڈ کی نچلی جانب 'ب' کی مشق کروائی جا سکتی ہے۔

- تصاویر کے اندر رنگ بھرنے کی ہدایت دیجیے۔
- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔

- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۷ پر دیا گیا کام 'گلاب' ہی کی طرح بورڈ پر لکھ کر کروائیے۔ اس سے قبل بھی طلبا سے ہوا میں ہاتھ اُٹھا کر درست سمت میں 'ب' بنانے کی مشق ضروری ہے۔
    - تیار کی گئی کاپی میں 'ب' کی مزید مشق کروائیے۔ دیے گئے نمونے کے مطابق کاپی تیار کیجیے۔

## تیسرا اور چوتھا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- منتخب ذخیرۂ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کرسکیں۔
- شروع کی آواز کا اعادہ کرسکیں۔
- 'پ' کی پہچان کرسکیں۔
- 'پ' درست طریقے سے لکھ سکیں۔
- کہانی 'کھیل' (غبارے) کی تصاویر بغور دیکھ سکیں اور کہانی سمجھ سکیں۔
- بصری طریقۂ تدریس سے چند الفاظ (زارا، علی ...... اور کہانی کھیل' کے الفاظ) پڑھ سکیں۔


### مددگار مواد:

- کتاب، گلاب صفحہ نمبر ۵
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۸، کاپی، پنسل، رنگین پنسلیں، غبارے: کہانی کھیل کا ذخیرۂ الفاظ۔
- 'پ' کے ذخیرۂ الفاظ پر مبنی تصاویر، حقیقی اشیا مثلاً، پانی، پتنگ، پَر، پانچ......

### طریقۂ کار:

☆ فلیش کارڈز کی پانچ سے سات منٹ پڑھائی کروائیے۔


- 'پ' کا تعارف
- 'ب' کا اعادہ کروائیے اس سے شروع ہونے والی چیزیں تختۂ نرم کی مدد سے اور کارڈز دکھا کر آواز کی یاد دہانی کروائیے۔
- کہانی کے انداز میں بتائیے کہ 'ب' کی ایک اور بہن ہے جس کے نیچے ایک کے بجائے تین نقطے ہیں بورڈ پر بڑی سی پ درست طریقے سے بنا کر دکھائیے۔
- 'پ' کا ذخیرۂ الفاظ پوچھیے اور بنائیے۔ چیزیں اور تصاویر بھی دکھائیے، پتّا، پرندہ، پانی، پرانا، پنکھا، پانچ پَر، پتنگ، پُوری، پپیتا، پتلون، پورا، پالک، پِیر، پَیر، پیڑ، پکانا۔




اردو خوشخطی سلسلہ حصہ اوّل

☆ فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔

- بورڈ پر پ کو بڑے سائز میں لکھیے اور گلاب کا صفحہ نمبر ۵ بنائیے۔ درست طریقے سے کام کی ہدایت دیجیے۔ صفحے کے نیچے دی گئی زبانی ہدایت ، نقطے سے نیچے آئیے ، ...... دہراتے رہیے۔
- کھلے حروف میں پانچ بار لکھوانے کے بعد نیچے کی تین سطروں پر لکھوائیے۔ لکھائی کے کام کی نگرانی توجہ سے کیجیے۔ تین نقطوں کی ہدایت بار بار دیجیے۔ بعد ازاں تصاویر میں رنگ بھروائیے۔
- گتّے کی پٹّی پر کام کا طریقہ سمجھائیے۔ بچے اس پٹّی پر 'پ' کی چیزیں بنائیں اور ٹیچر ان سے پوچھ کر ان کی بنائی ہوئی تصویروں کے نیچے/ ساتھ نام لکھ دیں۔ مثلاً




- پٹّی کی دوسری جانب (Side) بھی استعمال کیجیے۔

☆ فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔


- مزید مشق کے لیے اُردو خوشخطی سلسلہ (حصّہ اوّل) کا صفحہ نمبر ۸ کروائیے۔

درست طریقے سے لکھائی پر توجہ مرکوز کروائیے۔ نقطے سے شروع کرنا اور تیر کی سمت میں لکھنا سکھاتے رہیے۔

☆ فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔

- کاپی میں پہلے سے لکھے گئے صفحے پر کام کروائیے (دیکھیے نمونہ کاپی میں کام) حاشیے میں تصاویر بھی بنوائیے۔
- 'ب' اور 'پ' کی آوازوں کی مشق واضح انداز میں کروائیے۔
- کاپیوں میں خوشخطی کا کام کروانے سے قبل تختۂ تحریر پہ درست بناوٹ کے ساتھ 'پ' کالم میں لکھ کر کام کا طریقہ سمجھائیے۔ نقطے لگانے کی وضاحت کیجیے۔ پ

۱۳/۵/۳     خوشخطی     باسمہ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
|  | پ | پ | پ | پ |
|  | | | | |

- روزانہ کہانی 'کھیل' کے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کی وجہ سے طلبا ان الفاظ کو پڑھنے پر قادر ہو چکے ہوں گے۔ طلبا کے ہاتھ میں کتابیں دیجیے۔ کتاب میں لکھی ہوئی ہدایات پر عمل کرکے کہانی سنائیے ، سوالات اور سرگرمیاں کیجیے۔ مشق کروائیے۔

## پانچواں اور چھٹا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- 'ت' اور 'ٹ' کی پہچان کرسکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ت' اور 'ٹ' کی لکھائی کرسکیں۔
- نیا لفظ لال پڑھ سکیں اور رنگ کی پہچان کرسکیں۔


### مددگار مواد:

- 'ب' اور 'پ' ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- 'ت' سے شروع ہونے والی اصلی اشیا یا ان کے کارڈز
- تختۂ تحریر (بورڈ)
- گلاب صفحہ نمبر ٦
- گتے پر بنا کر دی گئی تتلی
- رنگین پنسلیں

### طریقۂ کار:

☆ بصری طریقے پر مبنی فلیش کارڈز دکھایئے۔

- 'ب اور پ' کا اعادہ بورڈ پر ان حروف کو دیکھ کر ان کی آوازیں دہرا کر کروایئے۔
- ان سے شروع ہونے والی اشیا کے نام پوچھیے اور بتایئے۔ فلیش کارڈز دکھایئے۔
- بورڈ پر 'ت' لکھیے اور بتایئے کہ یہ تیسری بہن ہے اسے تتلیاں پسند ہیں اور اس کے اوپر دو نقطے ہیں بورڈ پر بنا دیجیے۔



- 'گلاب' کا صفحہ بورڈ پر بنایئے، کام کا طریقہ سمجھا کر کام کروایئے۔
- کام کے دوران درست بناوٹ اور تصاویر کے اندر رنگ بھرنے کی نگرانی اور حوصلہ افزائی کرتے رہیے۔

### سرگرمی

- طلبا کام ختم کرنے کے بعد گتے کی تتلی میں رنگ بھریں اور 'ت' پر پنسل پھیریں۔

☆ فلیش کارڈز سے بصری پڑھائی۔ نیا لفظ لال شامل کردیجیے۔ جماعت میں موجود لال رنگ کی اشیا کی طرف توجہ دلایئے۔

- رنگین پنسلوں میں سے لال رنگ کی پنسل نکال کر دکھائیے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ سوچ کر بتائیں کہ کون سی چیزیں لال رنگ کی ہوتی ہیں۔
- (خون ، ٹماٹر ، پھول......)
- تختۂ تحریر (بورڈ) پر 'ب اور پ' کا اعادہ کروائیے۔ نقطوں اور ذخیرۂ الفاظ پر توجہ دیجیے۔
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) کا صفحہ نمبر ۹ بورڈ پر بنا کر کام کا طریقہ سمجھائیے اور کام کروائیے۔


☆ فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد لفظ لال کا اعادہ کروائیے۔

جماعت میں موجود لال چیزیں پوچھیے اور بتائیے۔

- 'ت' کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کیجیے۔ تختۂ تحریر پر 'ت' کالم میں لکھ کر کاپیوں میں کام کروائیے۔ کام کی نگرانی کے دوران حروف کی درست بناوٹ کا خیال رکھیے۔

☆ فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔ تختۂ نرم پر ٹ کی چیزیں لگائیے۔

- 'ٹ' کا زبانی تعارف کروائیے۔ اس سے شروع ہونے والی چیزیں ٹوکری میں رکھ کر دکھائیے۔ ٹماٹر، کھلونے کا ٹیلیفون ، ٹرک ، ٹوپی ، (مزید ذخیرۂ الفاظ کے لیے دیکھیے قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصہ اوّل)
- 'ٹ' لکھنے کی تیاری کے لیے 'ط' بنانا سکھائیے۔
- 'ط' بنانے کا طریقہ دو حصوں میں بورڈ پر بتائیے۔ ا ا ے بچوں سے ہوا ، میز ایک دوسرے کے ہاتھ پر بنانے کی ہدایت دیجیے۔
- گلاب کا صفحہ نمبرے بورڈ پر بنا کر درست بناوٹ سے لکھ کر دکھائیے۔ دو حصوں میں 'ط' بنوائیے اور زبانی ہدایت ساتھ ساتھ دہرائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- 'ط' کی مزید مشق اُردو خوشخطی سلسلہ حصہ اوّل کے صفحہ نمبر ۱۰ پر کروائیے۔



# ساتواں ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- بصری الفاظ کی پڑھائی کر سکیں۔
- 'ب ، پ اور ت' کا اعادہ کر سکیں۔
- 'ٹ' اور 'ث' کی پہچان کر سکیں اور لکھ سکیں۔
- کہانی سن کر سمجھ سکیں۔
- کیے گئے سوالوں کے جواب دے سکیں۔
- کرداروں کی پہچان کر سکیں۔


## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- گلاب صفحات نمبر ۸ ، ۹ ، ۱۰
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحات نمبر ۱۱ ، ۱۲
- ث سے ثمر کا گتّے کا تراشہ (کٹ آؤٹ)

## طریقۂ کار:

☆ فلیش کارڈز سے بصری پڑھائی نیا لفظ 'لال' پر زیادہ زور دیجیے۔

- 'ب ، پ اور ت' کا اعادہ کروائیے۔
- گلاب کا صفحہ نمبر ۸ کھلوا کر 'ٹ' کا اعادہ کروائیے۔
- بڑے حروف میں درست طریقے سے لکھائی کروائیے۔
- 'ٹ' لکھوانے کے بعد تصاویر میں رنگ بھروائیے۔
- گتے/کاغذ کی ٹوپیاں بنوا کر ان میں 'ٹ' لکھوائیے۔



# دیکھیے اور سنیے

## بندر اور ٹوپیاں




تصویری تفہیم : رہنمائے اساتذہ کی مدد سے کہانی سُنائیے ، تصاویر دکھانے کے بعد بچّوں سے سوالات کیجیے۔ کہانی ڈرامے کی صورت میں بھی کروائیے۔

مقصد : مشاہدے ، سُننے ، سمجھنے ، دہرانے اور واقعات کو ترتیب سے یاد رکھنے کی مہارتوں کی نشوونما۔ ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ۔

☆ گلاب کا صفحہ نمبر ۹ کھلوا کر نمبر کے لحاظ سے کہانی سنائیے۔ یعنی تصویر نمبر ا میں کیا ہو رہا ہے...... ایک دفعہ کا ذکر ہے...... اسی طرح چاروں مناظر کے بارے میں بات کرتے ہوئے دلچسپ انداز میں رہنما ہدایات برائے اساتذہ صفحہ نمبر ۸۷ میں سے پڑھ کر کہانی سنائیے۔

کہانی کے بعد سوالات کیجیے:

کون ٹوپیاں بناتا تھا؟

اُن ٹوپیوں کا وہ کیا کرتا تھا؟

وہ کہاں جاتا تھا؟

راستے میں کیا ہوا؟

اُس کی ٹوپیاں کس نے لیں؟

اُس نے اپنی ٹوپیاں کیسے واپس لیں؟

- صفحے کی تصاویر میں رنگ بھروائیے۔
- ڈرامے کی صورت میں کرواتے ہوئے گزشتہ دن بنائی گئی 'ٹ' کی ٹوپیاں استعمال کیجیے۔ نظم و ضبط کا خیال رکھیے۔ جماعت میں گروپ بنا کر باری باری ہر گروپ سے ڈراما کروائیے۔
- ٹوپیاں گھر لے جانے کے لیے دی جا سکتی ہیں اور جماعت میں نمائش بھی کی جا سکتی ہے۔

☆ بچوں کے ساتھ مل کر کل کی کہانی دہروائیے۔


- تمام حروف تہجی بورڈ پر لکھ کر اعادہ کروائیے۔ 'ٹ' کا اعادہ کروا کر اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۱۱ کا کام کروائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- تیار کی گئی کاپی میں کالمز بنا کر 'ٹ' کی لکھائی کروائیے۔

ب پ ت ٹ کا اعادہ کروانے کے بعد


☆ ایک اور بہن 'ث' کا تعارف کروائیے۔ ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔

ثابت، ثمینہ، ثاقب، ثریا۔

- پھلوں کو ثمر بھی کہتے ہیں بتائیے اور کٹ آؤٹ میں پھلوں کو رنگ بھرنے کے بعد گھر لے جانے کے لیے دیجیے۔
- فلیش کارڈز سے الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- لفظ 'لال' کی بصری پڑھائی کروائیے۔




- تمام آوازوں کے اعادہ کے بعد ’ث‘ کی شکل تختۂ تحریر پر بڑی بنائیے۔
- نقطے درست لگانے کی ہدایت دیجیے۔
- ’ث‘ بچوں سے ہوا میں بنانے کے لیے کہیے۔
- خصوصی طور پر بتائیے کہ ’پ‘ کے نیچے نقطے تین اور ’ث‘ کے اوپر نقطے تین۔ اس طرح بولتے رہنے سے بچے یاد رکھتے ہیں۔
- گلاب کا صفحہ نمبر ۱۰ کروائیے۔ پہلے بڑے حروف میں پانچ بار لکھائی ، بعد میں نیچے کی سطور لکھوائیے۔
- فلیش کارڈز پڑھائیے۔ فلیش کارڈز میں نئے الفاظ [کیا] اور [ہے] کا اضافہ کیجیے۔
- لال رنگ کی پہچان کا اعادہ کیجیے۔
- مزید مشق کے لیے اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۱۲ میں کام کروائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- ’ث‘ کا کام کاپی میں کروائیے۔



# آٹھواں ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- 'ب سے ث' تک ترتیب جان سکیں۔
- نقطوں کی پہچان کرسکیں۔
- ترتیب وار لکھائی کرسکیں۔
- جانچ کے لیے دیے گئے صفحات میں درست حرف پر دائرہ بنا سکیں اور تصویر کے سامنے درست حرف لکھ سکیں۔
- کہانی سمجھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- متعارف کروائے گئے بصری الفاظ اور 'ب سے ث' کے حروفی اور تصویری فلیش کارڈز۔
- 'گلاب' صفحات نمبر ۱۱ ، ۱۲ ، ۱۳
- کاپی میں بنائے گئے کالمز میں خوشخطی


| ب | پ | ت | ٹ | ث |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |

- تختۂ تحریر
- شکل ٮ کے کارڈز ہر بچے کے لیے تیار کرلیں کہ بچے بآسانی مشق کرسکیں۔
- کافی مقدار میں 'نقطے اور ط' تیار کرلیں۔
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۱۳


## طریقۂ کار:

☆ فلیش کارڈز سے الفاظ اور حروف تہجی 'ب ، پ ، ت ، ٹ ، ث' کی پڑھائی کروائیے۔

- سکھائی گئی آوازوں کا اعادہ بورڈ پر حروف لکھ کر کروائیے۔ نقطوں اور 'ط' کی پہچان کا اعادہ بھی کروائیے۔



- ’گلاب‘ کے صفحہ نمبر ۱۱ کا کام کروائیے پہلے بچے ترتیب وار لکھیں پھر تصاویر میں لال رنگ بھریں۔
- جو بچے کام کرلیں ان کے لیے پہلے سے بنائے گئے کارڈز دری پر رکھیے بچے ان پر نقطے اور ’ط‘ رکھ کر حرف بنائیں اور تصاویر سامنے رکھیں، مثلاً:



(کارڈ جس پر بچے نقطے رکھیں)　　(گتّے کے ٹکڑوں کے نقطے اور ط)　　(تصویر کا کارڈ)

☆ مزید مشق کے لیے خوشخطی صفحہ نمبر ۱۳ کا کام کروائیے۔ یہ کام گھر کے لیے بھی دیا جا سکتا ہے۔

☆ ’ب، پ، ت، ٹ، ث‘ کا اعادہ بورڈ پر کیجیے۔

- نقطوں کی پہچان بچوں سے پوچھ کر کروائیے۔
- گلاب کے صفحات ۱۲، ۱۳ بورڈ پر بنائیے۔ ایک مثال سمجھا کر کام شروع کروائیے۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے۔ ان دونوں کاموں سے آپ یہ جان سکیں گے کہ کن بچوں کو ابھی کن حروف کے سیکھنے میں مزید مدد درکار ہے۔ اس کام کو چیک کرتے وقت اپنے ریکارڈ کے لیے ان بچوں کے نام ضرور لکھ لیجیے تاکہ ان بچوں کو آپ الگ سے توجہ دے سکیں۔

## یونٹ کے مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- نیا ذخیرۂ الفاظ بصری طریقے سے پڑھنا سیکھ سکیں۔
- ج ، چ ، ح ، خ کی آوازیں سیکھ سکیں۔
- ان حروف کو درست بناوٹ سے لکھنا سیکھ سکیں۔
- کہانی سن کر سمجھ سکیں۔
- کرداروں کی پہچان کرسکیں۔
- کہانی 'یہ کیا ہے' (معاون کتاب: غبارے) پڑھ سکیں۔
- جانچ کا کام کرسکیں۔
- حروف تہجی 'ب سے خ' تک ترتیب سے لکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (ذخیرۂ الفاظ اور حروف تہجی ب سے چ)
- تختۂ تحریر
- کھلونے اور حقیقی اشیا جو 'ج چ ح خ' سے شروع ہوتی ہوں۔
  مثلاً: ج ۔ جوتا ، چ ۔ چینی ......
- موم بتی یا لائٹس
- گلاب صفحات نمبر ۱۴ تا نمبر ۲۳
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحات نمبر ۱۴ تا نمبر ۱۹
- (معاون کتاب: غبارے) صفحات نمبر ۱۰ سے نمبر ۱۶
- کاپی

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۲ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق صفحہ vii کے مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو تبدیل کر کے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔ مثلاً ج کی پڑھائی کے لیے ج سے شروع ہونے والی اشیا ، تصاویر اور ج کا ذخیرۂ الفاظ لگائیے۔

# پہلا اور دوسرا ہفتہ

## مقاصد:

- مشاہدے کی صلاحیتوں میں اضافہ۔
- فلیش کارڈز سے پڑھائے گئے الفاظ کا کہانی میں استعمال۔
- کہانی کا مزہ لینا۔
- سکھائے گئے تمام بصری الفاظ کا اعادہ اور جانچ۔

## مددگار مواد:

- گلاب صفحات نمبر ۱۴ ، ۱۵ ، ۱۶ ، ۱۷
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحات نمبر ۱۴۔۱۵
- تیار کردہ کاپی
- موم بتی / لالٹین
- بصری الفاظ کے فلیش کارڈز

## طریقۂ کار:

☆ گلاب کا صفحہ نمبر ۱۴ کھولنے کی ہدایت دیجیے۔تصویریں غور سے دیکھنے کے لیے کہیے۔ چند منٹ کے بعد سوالات کیجیے کیا کیا نظر آ رہا ہے۔

(خود ذخیرۂ الفاظ بھی دیجیے ، سایہ ، بھالُو ، امّی ، ابّو......)

کون کیا کر رہا ہے؟


کیا ہو رہا ہے؟

کہانی کے بارے میں بتائیے کہ بجلی جانے کی وجہ سے موم بتی جلی تو سامنے رکھے بھالو کا سایہ بڑا ہو کر دیوار پر نظر آیا ، زارا ڈر گئی ، اور پھر علی نے لا کر کھلونے کا بھالو دکھایا۔


- بچوں کے ذاتی تجربات پوچھیے ، کب سایہ بڑا نظر آ تا ہے ، ہو سکے تو کمرے میں اندھیرا کر کے موم بتی یا لالٹین کی روشنی میں سایہ بنا کر دکھائیے۔
- اگر وقت بچے تو جماعت سے باہر لے جا کر دھوپ میں بچوں کو اپنا سایہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ ایک بچہ کھڑا ہو اور دوسرا بچہ زمین پر اس کے سائے کا خاکہ بنائے۔
- صفحے کی تصاویر میں رنگ بھروائیے۔


☆ متعارف کروائے گئے تمام بصری الفاظ کے فلیش کارڈز کا اعادہ کروائیے۔


- کچھ بچوں کے ہاتھوں میں فلیش کارڈز دیں اور باقی بچوں کے سامنے کھڑا کریں۔ پڑھوانے کے بعد۔





بچوں کی ترتیب بدل کر کھڑا کریں اور ان الفاظ کو جملوں کی صورت میں پڑھوائیں۔




آخری جملے کی طرح [وہ]  [ہے] کے جملے پڑھوایئے۔ درمیان کی چیزیں بدلتے رہیے۔
مثلاً: پنسل، کتاب، گڑیا وغیرہ


- گلاب صفحہ نمبر ۱۵ پڑھوایئے اور کام کروایئے۔

☆ 'ج' کی کہانی سنایئے۔ ایک دن جواد جنگل گیا، اس کا جوتا ٹوٹ گیا...... اس نے وہاں بہت سے جانور دیکھے، وہاں جنگلی پھول بھی کھلے تھے جن کا رنگ جامنی تھا، کچھ جامن کے درخت بھی تھے، اس نے جنگلی خرگوشوں کی جوڑی بھی دیکھی۔

کہانی کے بعد فلیش کارڈز دکھایئے [ج] اور بتایئے کہ یہ جیم ہے اور اس کی آواز 'ج' ہے، اب کہانی میں آنے والی 'ج' کی آوازیں پوچھیے اور بتایئے۔

اسی طرح ماحول اور گردوپیش میں موجود اشیا اور افعال کے نام پوچھیے اور بتایئے۔ (جہاز، جگنو، جیپ، جنگل، جوتا، جال، جیب، جلیبی)

- بورڈ پر بڑا 'ج' لکھیے اور بچوں سے ہوا، ریت اور میز پر انگلیوں کی مدد سے لکھنے کے لیے کہیے۔ دو ٹکڑوں میں لکھوایئے پہلے 'ج' کی چھت بنوایئے اور پھر اس کا گول حصہ بنوایئے۔
- کاغذ سے جہاز بنوایئے کاغذ پر 'ج' لکھا ہونا ضروری ہے۔ بچے جہاز پر رنگ کریں۔




- فلیش کارڈز میں نئے لفظ [کون] کا اضافہ کیجیے۔ 'یہ، وہ اور ہے' کے ساتھ جملوں کی شکل میں رکھ کر پڑھایئے۔

مثلاً:

| | | |
|---|---|---|
| یہ | کون | ہے |
| وہ | کون | ہے |


- گلاب کے صفحہ نمبر ۱۶ پر موجود 'ج' کی آدھی اشکال پر تیر کی نشان کی سمت میں تین تین بار پنسل پھروائیے۔
- تصاویر میں رنگ بھروائیے۔
- بچوں سے 'ج' سے شروع ہونے والی چیزیں منگوا کر جماعت میں ایک جنگل کا گوشہ بنالیجیے۔ جس میں جنگل کے جانور رکھوائیے۔

☆ نیا ذخیرۂ الفاظ پڑھوائیے۔ کہانی 'یہ کیا ہے' (غبارے)
امّی ، بھالُو ، طوطا ، دیکھو ، سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ بھی کروائیے۔

- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۱۴ پر کام کروائیے۔ درست لکھنے کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- 'ج' کی آواز کی پہچان کا اعادہ کیجیے۔ ذخیرۂ الفاظ پوچھیے اور بتائیے۔
- مکمل 'ج' ریت ، ہوا اور میز پر انگلیوں سے لکھوائیے۔

☆ حروفِ تہجی کے فلیش کارڈز دکھائیے۔

- 'ج' کی آواز کی پہچان کا اعادہ کیجیے۔ ذخیرۂ الفاظ پوچھیے اور بتائیے۔
- گلاب کے صفحہ نمبر ۱۷ کا کام اپنی نگرانی میں کروائیے۔
- مزید مشق کے لیے اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۱۵ کا کام کروائیے یا گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔
- کاپی میں کام کروائیے۔




اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل)

## تیسرا ہفتہ


### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- 'چ' کی پہچان کرسکیں۔
- 'چ' کا ذخیرۂ الفاظ بتاسکیں۔
- 'چ' کی پہچان اور لکھائی کرسکیں۔
- 'ج اور چ' کا فرق جان سکیں۔
- نیلے رنگ کی پہچان کرسکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ: کہانی یہ کیا ہے، (غبارے) اور لفظ نیلا بصری طریقۂ تدریس سے پہچان سکیں۔

### مددگار مواد:

- 'بصری الفاظ' کے فلیش کارڈز
- کاپی میں لکھا گیا 'ج'
- 'چ' سے شروع ہونے والی اشیا یا ان کے تصویری فلیش کارڈز
- چ کا فلیش کارڈ
- گتے سے بنائے گئے، چڑیا کے کٹ آؤٹس
- تختۂ تحریر
- کہانی یہ کیا ہے (غبارے) کے فلیش کارڈز
- گلاب صفحہ نمبر ۱۸
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۱۶
- کاپی





### طریقۂ کار:

☆ فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔

- 'چ' کا تعارف کروایئے۔ بورڈ پر لکھیے 'ج' اور پھر اس کا بھائی 'چ' یا۔ شوق سے چنوں والے چاول کھاتا تھا، چینی بھی اسے پسند تھی۔ وہ کبھی کسی کی چیز چوری نہیں کرتا تھا۔ اس کے چار دوست تھے۔ چڑیا، چوہا، چکور اور چیتا (اسی طرح کہانی بنایئے اور مزید ذخیرۂ الفاظ دیجیے، چاند، چادر، چمک، چاٹ......)

- گتّے کی چڑیا دیجیے جس میں بچے رنگ بھریں اور 'چ' لکھیں۔ ایک گوشے میں 'چ' سے شروع ہونے والی چیزیں اور ان کی تصویریں سجائیے۔

☆ فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔ بورڈ پر لکھ کر 'ج اور چ' کی پہچان کروائیے۔

- گزشتہ کل کے بارے میں پوچھیے اور سکھایا جانے والا ذخیرۂ الفاظ دہرائیے۔ گلاب کا صفحہ نمبر ۱۸ بورڈ پر لکھ کر کام کا طریقہ سمجھا کر کام کروائیے۔

  بڑے حرف میں پانچ بار تیر کی سمت میں لکھائی اور پھر نیچے دیے گئے حروف میں لکھائی کے بعد رنگ بھروائیے۔

- کاپی میں خوشخطی کا کام اپنی نگرانی میں کروائیے۔
- نظم پڑھوائیے۔

چوں چوں چاچا
گھڑی پہ چوہا ناچا
گھڑی نے ایک بجایا
چوہا نیچے آیا

نئے لفظ نیلا کا تعارف کروائیے۔ اس کے لیے لال متعارف کروانے کا طریقہ دیکھیے۔

☆ مزید مشق یا گھر کے کام کے لیے خوشخطی صفحہ نمبر ۱۶ کروائیے۔

☆ ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کے بعد کاپی میں کام کروائیے۔


☆ معاون کتاب 'غبارے' کی کہانی 'یہ کیا ہے' کتاب ہی میں دی گئی ہدایات برائے اساتذہ و والدین پڑھ کر سنائیے اور پڑھوائیے۔

- ذخیرۂ الفاظ کی بصری پڑھائی کروائی جاتی رہنے کے سبب طلبا یہ کہانی خود پڑھ سکنے پر قادر ہوں گے۔ حوصلہ افزائی کیجیے۔

☆ انفرادی طور پر ہر بچے سے پڑھائی کروائیے اور مشق کا کام کتاب (غبارے) ہی میں کروائیے۔

(بورڈ پر صفحہ بنائیے)

سرگرمیاں بھی کروائیے۔



ملائیے:

مقصد: تعلق کی پہچان کروانا۔

سرگرمیاں:

- بچّوں کو باہر دھوپ میں لے جا کر ان کے سائے دکھائیے۔ بچّے باری باری ایک دوسرے کے سائے کا خاکہ چاک سے زمین پر بنائیں۔ مختلف طریقے سے کھڑے ہونے پر سایوں کی مختلف اشکال بننے سے مزے کا کھیل کھیلیں۔ بچّوں سے کہانی کا کوئی سا صفحہ کھول کر اس میں موجود کردار کا نام پوچھیے۔ بچّوں کو بھی باری دیجیے کہ وہ آپ سے پوچھیں۔ وہ چیزیں جن سے روشنی گزر سکتی ہے مثلاً شیشے کے برتن اور جن سے نہیں گزر سکتی الگ الگ رکھ کر پہچان کروائیے۔
- کھیل کھیلیے: کچھ نام لیجیے اور بچّوں سے کہیے کہ جب 'ج' کی آواز آئے تو آپ تالی بجائیے۔ مثلاً: بلّی، چوزہ، جال، پنسل بولیے۔ بچّے جال پر تالی بجائیں۔ اسی طرح چ، ح، خ کا کھیل کھیلیے۔

OXFORD UNIVERSITY PRESS ۱۶

معاون کتاب: غبّارے

## چوتھا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:
- ’ج ، چ‘ کا اعادہ کرسکیں۔
- ’ح ، خ‘ کی پہچان ذخیرۂ الفاظ سیکھ سکیں۔
- ’ح ، خ‘ کی لکھائی کرسکیں۔

### مددگار مواد:

- ’ب سے چ‘ ذخیرۂ الفاظ اور حروف کے فلیش کارڈز
- ’ح ، خ‘ سے شروع ہونے والی اشیا یا ان کے تصویری فلیش کارڈز
- [ح] اور [خ] کے فلیش کارڈز
- گلاب صفحات نمبر ۱۹ ، ۲۰ ، ۲۱
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحات نمبر ۱۸ ، ۱۹

### طریقۂ کار:

☆ فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ اور ’ب سے چ‘ تک حروف تہجی کا اعادہ کروائیے۔ نئے لفظ [نیلا] کا تعارف کروائیے۔
- ’ح‘ کا تعارف کروائیے۔ اس میں کوئی نقطہ نہیں ہے (ح کی آواز ’ہ‘ جیسی ہی ہے) ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔ حج ، حاجی ، حروف ، حلوا ، حلیم ، حالی ، حال...... حجامت ، حجام ، دو بچوں سے کھیل کروائیے جس میں ایک بچہ حجام بنے دوسرا حجامت کروانے والا ، ڈرامے کی طرح کروائیے جس میں ’حالی‘ نام کا ایک بچہ حجامت سے ڈرتا ہو۔
- بچے ’ج ، چ‘ کی بناوٹ سیکھ چکے ہیں۔ ’ح‘ کی بناوٹ کے ساتھ پہچان پر نظر رکھیے۔
- گلاب صفحہ نمبر ۱۹ کا کام کروائیے۔

☆ ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- ’ح‘ لکھنے کی مزید مشق کے لیے خوشخطی صفحہ نمبر ۱۸ کا کام کروائیے۔

☆ ذخیرۂ الفاظ کی دہرائی کے بعد کاپی میں کام کروائیے۔

☆ ’خ‘ کا تعارف کروائیے۔ ’خ‘ سے شروع ہونے والی چیزیں اور نام پوچھیے اور بتائیے۔ نقطے کی طرف متوجہ کیجیے کہ اس کا نقطہ اوپر ہے۔ گلاب کا صفحہ نمبر ۲۰ بورڈ پر بنا کر کام کا درست طریقہ بتا کر اپنی نگرانی میں کروائیے۔
- ایک گلاس میں پانی اور ایک خالی گلاس دکھا کر بتائیے ’خ‘ خالی۔ بچوں سے کہیں خوش ہو کر دکھائیے۔ ہدایت کی طرف توجہ دلائیے کہ کام خراب نہیں کرنا چاہیے۔ خوشخطی کون اچھی کرتا ہے۔

- کچھ بچوں کو حروف تہجی کے کارڈز دے کر کھڑا کیجیے۔ آپ زبانی پڑھیے اور بچے کارڈز اوپر کر کے دکھائیں۔ آپ 'ب' کہیں تو ب کے کارڈ والا بچہ اپنا ہاتھ اوپر کر کے کارڈ دکھائے۔ پھر ان بچوں کو ترتیب سے کھڑا کر کے حروف کی پڑھائی کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر درست لکھ کر دکھائیے۔ بچے بھی ہاتھ اٹھا کر آپ کے ساتھ ہوا میں لکھیں۔
- گلاب کے صفحہ نمبر ۲۱ کا کام اپنی نگرانی میں کروائیے۔

☆ نیلا فلیش کارڈز دکھا کر نیلے رنگ کی اشیا دکھائیے جماعت میں نیلے رنگ کی اشیا کی طرف توجہ دلائیے۔

- 'ب سے خ' بورڈ پر دہرائی کروائیے۔
- مزید مشق کے لیے خوشخطی صفحہ نمبر ۱۹ کا کام کروائیے۔

## پانچواں ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:


- نیلے رنگ کی پہچان کرسکیں۔
- لفظ 'نیلا' پڑھ سکیں۔
- سکھائے گئے تمام حروف کی پہچان اور لکھائی کرسکیں۔
- سکھایا گیا تمام ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔
- ترتیب وار لکھائی کرسکیں۔ جانچ کا کام کرسکیں۔


### مددگار مواد:

- نیلی پنسلیں
- گلاب صفحات نمبر ۲۱ ، ۲۲ ، ۲۳
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۱۹

### طریقہ کار:

- گلاب صفحہ نمبر ۲۱ میں ترتیب وار لکھائی کی مشق کروایئے۔ تصاویر میں نیلا رنگ بھروایئے۔
- کاپی میں لفظ 'نیلا' لکھ کر دیجیے۔
- کاپی میں نیلے رنگ کی اشیا کی تصاویر بنوایئے۔
- جانچ کا کام کروانے سے قبل تمام حروف کا اعادہ کروایئے۔ اس کے لیے طلبا کو 'ب' سے 'خ' تک کے کارڈز پکڑا کر کھڑا کیجیے۔ اور طلبا ہی سے پڑھوایئے۔
- حروف کے ساتھ ان الفاظ کے تصویری کارڈز کا کھیل کھیلیے۔ کچھ بچے حروف کے کارڈز پکڑیں اور کچھ ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے۔ آپ تالی بجایئے اور تصویر والے بچے حروف کے کارڈز والے بچوں کے پاس جا کر جوڑی بنالیں۔ اب دوبارہ الگ کھڑا کریں اور اس بار تالی بجانے پر حرف والے بچے تصویر والے بچوں کے پاس جائیں اور جوڑی بنا کر کھڑے ہوں تالیاں بجوایئے اور مزے سے کھیل کھلایئے۔






- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۱۹ کا کام بورڈ پر سمجھا کر کروایئے۔
- جانچ کا کام کروایئے۔ بورڈ پر صفحہ ہو بہو بنایئے۔ ایک مثال سمجھایئے۔
- گلاب کا صفحہ نمبر ۲۳ کروایئے۔
- بورڈ پر دہرائی کرواکر اسی طرح گلاب کا صفحہ نمبر ۲۳ کروایئے۔
- کام کرواتے وقت نظر رکھیے اور اپنے پاس ریکارڈ میں لکھیے کہ کن بچوں کو کون کون سے حروف کی پہچان نہیں ہے۔ یا پہچان ہے مگر لکھنے میں مشکل درپیش ہے۔ آئندہ کی تدریس میں ان بچوں کی الگ سے مدد کیجیے اور مزید مشق کا کام بورڈ پر یا کاپی میں کروایئے۔

## یونٹ کے مقاصد:

- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ اور نیا ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔
- بصری طریقۂ تدریس سے 'گلاب' اور 'غبارے' (کہانی دعوت) کے فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- 'د ڈ ذ ر ڑ ز ژ' کی آوازیں سیکھ سکیں۔
- 'د سے ژ' تک حروف کی درست طریقے سے لکھائی کرسکیں۔
- کہانی 'دعوت' معاون کتاب غبارے سے پڑھ سکیں۔
- 'ب' سے ژ تک ترتیب وار لکھائی کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز ('ب سے ژ' تک حروف تہجی ، الفاظ۔ کہانی 'دعوت')
- تختۂ تحریر
- کھلونے ، حقیقی اشیا ، تصاویر جو حروف تہجی 'د ، ڈ ، ذ ، ر ، ڑ ، ژ' سے شروع ہوتی ہوں۔
- گلاب صفحات نمبر ۲۴ سے ۳۷
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحات نمبر ۲۰ سے ۲۸
- معاون کتاب: 'غبارے' صفحہ نمبر ۱۷ سے ۲۷
- کاپی

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۳ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق صفحہ vii کے مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو تبدیل کر کے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔ مثلاً 'د' کی پڑھائی کے لیے 'د' سے شروع ہونے والی اشیا ، تصاویر اور 'د' کا ذخیرہ الفاظ لگائیے۔

# پہلا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- منتخب ذخیرۂ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کرسکیں۔

گلاب: کون۔

غبارے: کہانی 'دعوت': بکری ، میں میں ، بول ، کھٹ کھٹ ، آؤ ، بطخ ، میں میں ، مرغا ، کُکڑوں کُوں ، گائے ، مُومُو ، کھانا ، کھاؤ ، میاؤں


- صوتی طریقۂ تدریس: نام سن کر شروع کی آواز پہچان سکیں۔


دروازہ ، دل ، دال ، دودھ ، دہی ، درد ، دانت ، دو ، (۲) دادا ، دادی ، دلیہ ، دوڑنا ، دس (۱۰)


- 'د' کی درست طریقے سے لکھائی کرنا سیکھ سکیں۔


## طریقۂ کار:


☆ تعارف: 'د' بصری طریقے سے سکھائے جانے والے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیے۔
(پہلے دن صرف (۱) بکری (۲) مرغا (۳) گائے (۴) بطخ (۵) مانو کی تصویر دکھائیے۔

بکری


گائے


بطخ


مُرغا



مانو


- ۵ منٹ یہ دکھانے کے بعد ماحول سے 'د' کی آواز کا تعارف کروائیے 'د' کا ذخیرۂ الفاظ پوچھیے اور بتائیے۔
- طلبا سے ریت ، ہوا ، میز پر 'د' کی نمونہ لکھائی کروائیے۔
- گلاب کا صفحہ نمبر ۲۶ کروائیے۔

☆ پہلے دن دکھائے گئے کارڈز دکھایئے۔

- پانچ منٹ کی یہ سرگرمی کرنے کے بعد 'د' کی آواز کا اعادہ کروایئے۔ گلاب کا صفحہ نمبر ۲۷ کروایئے۔ درست بناوٹ سے لکھوانے کے بعد تصاویر میں رنگ بھروایئے۔

☆ پہلے دن دکھائے گئے کارڈز دکھایئے۔ طلبا پہچان چکے ہوں گے اب تصویر کو موڑ کر صرف لفظ پڑھایئے۔





- باقی ذخیرۂ الفاظ کے کارڈز دکھایئے۔ اور خوشخطی صفحہ نمبر ۲۰ پر دیا گیا کام کروایئے۔
- جن بچوں کا کام ختم ہوتا جائے انھیں درخت کا کٹ آؤٹ دیجیے جس میں 'د' لکھا گیا ہو بچے اس پر پنسل پھیریں اور درخت پر رنگ کریں۔ آپ چاہیں تو انھیں جماعت میں آویزاں کردیجیے یا گھر لے جانے کے لیے دے دیجیے۔
- گتے کے درخت کا کٹ آؤٹ۔
- ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز دکھایئے۔

☆ کاپی میں 'د' لکھوایئے۔ (دیکھیے نمونہ)

- ہر کام سے پہلے کام کا طریقہ بورڈ پر ہو بہو لکھ کر اور بنا کر دکھایئے۔

☆ کہانی 'دعوت' (معاون کتاب: غبارے) سنایئے۔ سنانے سے پہلے کتاب میں دیے گئے رہنمائے اساتذہ/ والدین کا صفحہ بغور پڑھ کر وہی طریقہ اپنایئے۔ کہانی سنانے کے بعد صفحہ نمبر ۱۷ ہی پر دیے گئے سوالات کیجیے۔



# دوسرا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- بصری طریقۂ تدریس سے (کون) کہانی 'دعوت' کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔
- صوتی طریقۂ تدریس سے 'ڈ' کی آواز پہچان سکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ: ڈِبّا ، ڈول ، ڈگڈگی ، ڈنڈا ، ڈال ، ڈور ، ڈانٹنا ، ڈبل روٹی
- 'ڈ' کی درست طریقے سے لکھائی کرسکیں۔
- 'کہانی دعوت' کا ڈراما کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- 'دعوت' کے کرداروں کے ماسک
- 'ڈ' کی حقیقی اشیا مثلاً ڈِبّا ، ڈور ، ڈگڈگی ، ڈبل روٹی ، ڈبیا
- گلاب صفحہ نمبر ۲۸
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۲۱

## طریقۂ کار:


- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز کا اعادہ کیجیے۔

☆ 'ڈ' کا تعارف بورڈ پر بڑا  لکھ کر کروایئے اور ذخیرۂ الفاظ پوچھیے اور بتایئے۔ (ڈ۔ڈِبّا ، ڈگڈگی ، ڈنڈا ، ڈرنا ، ڈاکیا ، ڈاکٹر......) حقیقی اشیا دکھایئے۔

- گلاب میں کام کے طریقے سے صفحہ نمبر ۲۸ کروایئے۔ کام کے دوران 'ڈ' سے شروع ہونے والے ناموں اور افعال کا اعادہ کرواتے رہیے۔
- پہیلی پوچھیے 'چھوٹی سی ڈبیا ڈب ڈب کرے ، چلتا مسافر گر گر پڑے'۔ جواب: (آنکھ اور آنسو)
- بچوں سے خالی ڈبے منگوایئے۔

☆ سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کیجیے۔ 'کہانی دعوت' کا اعادہ کیجیے۔ اس کے لیے تمام بچوں سے کتاب کھولنے اور باری باری ہر صفحہ دیکھنے کے لیے اور الفاظ خود سے پڑھنے کی رغبت دلایئے۔ پڑھنے کے بعد آخری صفحے پر دی گئی مشق بورڈ پر بنایئے۔ طلبا کو بورڈ پر سمجھانے کے بعد پنسلیں بانٹیے اور ان سے ، جانور سے اس کے پاؤں پہچان کر ملانے کی مشق کروایئے۔

کہانی: دعوت




مانو بولی، کون ہے؟

بکری بولی، مَیں مَیں۔ مانو بولی، آؤ آؤ!

۱۸ OXFORD UNIVERSITY PRESS

OXFORD UNIVERSITY PRESS ۱۹

**معاون کتاب: غبّارے**

☆ بتائیے کہ ہم اس کہانی کا 'ڈراما' کریں گے۔ اس طرح 'ڈ' کا اعادہ شروع کروا دیجیے۔ کتابیں بند کر کے رکھ دیجیے۔

- 'ڈ' کا ذخیرۂ الفاظ پوچھیے اور بتائیے۔
- 'ڈ' کی مشق خوشخطی صفحہ نمبر ۲۱ پر کروائیے۔

☆ طلبا کو 'دعوت' کے فلیش کارڈز پکڑا کر غبارے صفحہ نمبر ۲۷ پر دی گئی سرگرمیوں کا کھیل کھیلیے۔

- بنائے گئے ماسک بچوں کو پہنا کر یہی کہانی ڈرامے کی طرح پیش کروائیے۔

☆ بچوں کے لائے ہوئے ڈبوں پر 'ڈ' لکھوا کر رنگ کروائیے۔

- ڈراما کروائیے۔ ایک بچہ ڈاکٹر بنے اور باقی بچے باری باری مریض بن کر آئیں، ڈاکٹر بھی بچے باری باری بنیں۔ بچوں کو اس ڈرامے کے ذریعے بولنے کی تمیز سکھائیے۔ کسی کے پاس جا کر سلام کرنا چاہیے اور اپنا حال خود بتانا چاہیے۔
- 'ڈ' کی مزید مشق کاپی میں کروائیے۔

# تیسرا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- سیکھے گئے ذخیرۂ الفاظ کے کارڈز پڑھ سکیں۔
- د ، ڈ کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ذ' کی آواز کی پہچان کرسکیں۔
- 'ذ' کی درست لکھائی کرنا سیکھ سکیں۔
- 'ب سے ذ' تک ترتیب جان سکیں۔
- پیلے رنگ کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز 'ب' سے 'ذ' کہانی
- تختۂ تحریر
- گلاب صفحہ نمبر ۲۹
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۲۳

## طریقۂ کار:

☆ ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز کی پڑھائی کروائیے۔

- 'ذ' کا تعارف کروائیے۔ ذخیرہ ، ذاکر ، ذرّے ، چاک توڑ کر اس کے ذرّے دکھائیے۔
- گلاب کے صفحہ نمبر ۲۹ پر 'ذ' لکھوائیے۔
- 'ب' سے 'ذ' تک فلیش کارڈز اور بورڈ کی مدد سے حروف تہجی دہرائیے۔
- بچوں کو حروف تہجی کے کارڈز ترتیب وار پکڑوا کر کھڑا کیجیے۔
- فلیش کارڈز میں نئے لفظ پیلا کا اضافہ کیجیے۔ جماعت میں موجود پیلی چیزوں کی طرف نشاندہی کیجیے اور بچوں سے پوچھیے۔
- انڈے کی زردی کیسی ہوتی ہے؟ کسی نے سورج مکھی کا پھول دیکھا ہے۔

☆ بورڈ پر 'ب' سے 'ذ' تک لکھ کر حروف تہجی کا اعادہ کروائیے۔

- 'ذ' کی آواز کا اعادہ کروائیے۔
- خوشخطی صفحہ نمبر ۲۳ کا کام بورڈ پر لکھ کر سمجھائیے اور پھر کروائیے۔

# چوتھا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- سیکھے گئے ذخیرۂ الفاظ کے کارڈز پڑھ سکیں۔
- 'د ، ڈ' کا اعادہ کرسکیں۔
- نئے حرف 'ذ' کی آواز کی پہچان اور لکھنا سیکھ سکیں۔
- 'ب' سے 'ذ' تک ترتیب وار پڑھ اور لکھ سکیں۔
- پیلے رنگ کی پہچان کرسکیں۔


## مددگار مواد:

- گلاب صفحات نمبر ۲۹ ، ۳۰
- خوشخطی سلسلہ حصہ اوّل صفحات نمبر ۲۲ ، ۲۳
- 'ذ اور ر' کا فلیش کارڈ
- لفظ پیلا کا فلیش کارڈ
- پیلے رنگ کی اشیا
- 'ذ' اور 'ر' سے شروع ہونے والی اشیا / تصاویر ، ذرّے ، ذاکر ، ذائقہ ، رومال ، رسّی ، رُوئی ، رِکشا ، ریل گاڑی۔

## طریقۂ کار:

☆ سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز (بصری طریقۂ تدریس پر مبنی) پڑھائیے۔

- 'ذ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کی آواز بتائیے۔
- 'ذ' کا ذخیرۂ الفاظ دیجیے ، ذخیرہ ، ذاکر ، ذکر ، ذرّے ، ذائقہ۔
- چاک توڑ کر اس کے ذرے دکھائیے۔ مٹی کے ذرّے دکھائیے۔
- خوشخطی سلسلہ حصہ اوّل کا صفحہ نمبر ۲۲ بورڈ پر بنا کر لکھنے کا طریقہ سمجھائیے۔
- خوشخطی پر کام کروائیے۔ طلبا چونکہ 'د اور ڈ' لکھنے کی مشق کر چکے ہوں گے اس لیے 'ذ' لکھنا ان کے لیے نسبتاً آسان ہو گا۔

نوٹ: 'د ڈ ذ' کی بناوٹ پر توجہ رکھیے کہ اس طرح بنوائے گئے حروف غلط ہوں گے۔ 

- ذائقہ سے متعلق ذخیرۂ الفاظ بتائیے۔ لیموں کا ذائقہ کیسا ہوتا ہے ؟ کھٹا ، چینی کا ذائقہ کیسا ہوتا ہے؟ میٹھا۔
- نیا فلیش کارڈ پیلا دکھائیے جماعت میں پیلے رنگ کی چیزوں کی طرف توجہ دلائیے۔

☆ بورڈ پر 'ب' سے 'ذ' تک لکھ کر آوازوں کا اعادہ کروائیے۔

- 'ب' سے 'ذ' تک فلیش کارڈز طلبا کے ہاتھوں میں دے کر ترتیب وار کھڑا کیجیے۔




- 'ذ' کا اعادہ کروائیے۔
- گلاب صفحہ نمبر ۲۹ بورڈ پر بنائیے۔
- طلبا سے درست طریقے سے اس صفحے پر کام کروائیے۔

☆ مزید مشق کے لیے اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۲۳ پر 'ا سے ذ' لکھائی اور 'ر' کی نمونہ لکھائی کروائیے تا کہ بچے 'ر' لکھنے کی تیاری کر سکیں۔

☆ 'ر' کا تعارف کروائیے۔ آواز بتائیے۔ ذخیرۂ الفاظ ماحول سے اور قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے سے دیجیے۔ مثلاً رونا ، رات ، رسّی ، رکشا ، ریل گاڑی ، روز ، روٹی۔ کچھ حقیقی اشیا مثلاً رسّی ، رومال دکھائیے۔ کچھ کی تصاویر یا کھلونے مثلاً کھلونا رکشا اور ریل گاڑی دکھائی جا سکتی ہے۔ گلاب کی رہنما ہدایات برائے اساتذہ میں سے نظم ریل گاڑی پڑھ کر حرکات وسکنات سے سنائیے۔

- 'ر' ریت ہوا ، میز اور بورڈ پر انگلیوں اور چاک کی مدد سے لکھنا سکھانا شروع کیجیے۔

☆ 'ر' کی آواز کا اعادہ کیجیے۔ ذخیرۂ الفاظ بچوں سے پوچھیے اور دہرائیے۔

- نظم ریل گاڑی پڑھیے طلبا آپ کے ساتھ پڑھیں۔
- گلاب کے صفحہ نمبر ۳۰ پر درست طریقے سے کام کروائیے اور تصاویر میں رنگ بھروائیے۔

# پانچواں ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- نیا لفظ پیلا پڑھ کر اس رنگ کی پہچان کرسکیں۔
- طلبا نظم سن کر دہراسکیں۔
- تصاویر میں رنگ بھرسکیں۔
- 'ر' کا اعادہ اور مشق کرسکیں۔
- آخر کی آواز کا نظریہ سیکھ سکیں۔
- 'ڑ' سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحات نمبر ۲۴ ، ۲۵
- گلاب صفحات نمبر ۳۱ ، ۳۲
- فلیش کارڈز
- تصویریں
- کاپی (پہلے سے تیار شدہ)

## طریقۂ کار:

☆ فلیش کارڈز سے 'ر' کا ذخیرۂ الفاظ اور لفظ پیلا دکھائیے۔

- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) کا صفحہ نمبر ۲۴ 'ر' کی مزید مشق کے لیے کروائیے۔
- بورڈ پر بنا کر درست طریقے سے کروائیے۔ تصاویر میں رنگ بھی بھروائیے۔

☆ کہانی 'دعوت' کے فلیش کارڈز کا اعادہ کروائیے۔

- نظم 'ریل گاڑی' دہرائیے۔ طلبا بھی پڑھیں۔ گلاب صفحہ نمبر ۳۱ کھلوائیے۔ اور سب بچوں کو تصاویر بغور دیکھنے کی ہدایت دیجیے۔ اس پر لکھی گئی عبارات پڑھ کر سنائیے اور مطلب سمجھائیے۔
- طلبا رنگ بھریں اور نظم دہراتے رہیں۔
- بعد ازاں طلبا کو آگے پیچھے کھڑا کرکے ریل گاڑی کی طرح جماعت میں چلوائیے اور طلبا سے کہیے کہ وہ بھی ساتھ ساتھ نظم دہراتے جائیں اور آپ بھی نظم دہراتے رہیے۔
- 'ر' کاپی میں لکھوائیے۔

☆ آخر کی آواز کا تعارف کروایئے۔

- مختلف الفاظ بولیے اور ان کی آخر کی آوازیں پوچھیے۔ مثلاً لفظ بولیے اس کے آخر میں آنے والی آواز بورڈ پر لکھ دیجیے۔ لفظ بولیے، مور آخر کی آواز 'ر' بورڈ پر لکھیے۔ اسی طرح مختلف الفاظ بول کر آخر کی آواز بورڈ پر لکھیے۔ صرف وہی الفاظ منتخب کیجیے جن کے آخر میں آنے والی آوازیں اب تک سکھائی جا چکی ہیں تا کہ آپ تختۂ تحریر پر لکھیں تو بچے پڑھ سکیں۔

مثلاً: در(د)۔ دان(ت)۔ تا(ج)۔ کا(ٹ)

☆ ڑ کا تعارف کروایئے۔

الفاظ بولیے اور بورڈ پر لکھ کر بتایئے۔


گڑ، گڑ بڑ، مٹر، پاپڑ

- گلاب صفحہ نمبر ۳۲ بورڈ پر بنا کر سمجھا کر کروایئے۔
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۲۵ کروایئے۔

☆ ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز پڑھوایئے۔

- کاپی میں کام کروایئے۔

اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل)



## چھٹا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- آخر کی آواز کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ز اور ژ' کی آواز پہچان سکیں۔
- 'ز اور ژ' کی درست لکھائی کرسکیں۔
- پڑھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کرسکیں۔
- رنگوں کے ناموں کے فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔

لال - پیلا - نیلا

### مددگار مواد:


- بصری طریقۂ تدریس پر مبنی فلیش کارڈز
- رنگوں کے ناموں کے فلیش کارڈز
- کاغذ کی پٹیاں

### طریقۂ کار:

☆ 'ز' کا تعارف کرواتے ہوئے بورڈ پر بڑا لکھیے۔ ذخیرۂ الفاظ دیجیے (زبان ، زردہ ، زرّافہ ، زنجیر ، زیبرا ، زیرہ ، زکام ، زیور ، زردی)

- ریت ، ہوا اور میز پر لکھوایئے۔ گلاب صفحہ نمبر ۳۳ بورڈ پر بنا کر 'ز' لکھواتے ہوئے نیچے لکھے گئے جملے بھی ہر بچے سے پڑھوایئے۔ رنگ بھروایئے۔

☆ کاغذ کی زنجیر بنوایئے۔ کاغذ کی لمبی پٹیاں کاٹ کر ان کے چھوٹے ٹکڑے کیجیے۔ اور پھر ایک کے اندر ایک پروکر اسٹیپل کردیں یا گوند سے چپکایئے۔



- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۲۶ میں کام بورڈ پر سمجھا کر کروایئے۔ جن بچوں کو بنانے میں مشکل ہورہی ہو ان کی الگ سے مدد کیجیے۔

☆ ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی (۵ سے ۷ منٹ) کروانے کے بعد کاپی کے کام کا نمونہ بورڈ پر بنایئے اور طلبا سے کاپی میں کام کروایئے کام کے دوران درست بناوٹ کا خیال رکھوایئے۔

☆ 'ژ' کا تعارف کروایئے۔

- آواز کی واضح پہچان کروایئے اس کی آواز 'یہ' نہیں ہے بلکہ وہ آواز ہے جو ٹیلی ویژن (television) میں آتی ہے ژے اس کا نام ہے اور ژ آواز ہے۔
- ذخیرۂ الفاظ بتایئے اژدھا ، ٹیلی ویژن ، ژالہ باری۔
- ایک کارڈ پر چھوٹی چھوٹی گولیاں بنا کر چپکوایئے اور بتایئے کہ برف کے چھوٹے ٹکڑے جب بارش کے ساتھ گرتے ہیں تو اسے اولے پڑنا یا ژالہ باری کہتے ہیں۔
- گلاب صفحہ نمبر ۳۴ کا کام کروایئے۔

☆ ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز دکھایئے تمام حروف تہجی کا اعادہ کارڈز کے ذریعے کروایئے۔

- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) کا صفحہ نمبر ۲۶ کا کام کروایئے۔

نوٹ: یہ صفحہ گھر کے کام میں بھی دیا جا سکتا ہے۔

## ساتواں ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- حروفِ تہجی کی ترتیب بتاسکیں۔
- حروفِ تہجی ترتیب سے لکھ سکیں۔
- رنگ پیلا پڑھ کر تصاویر میں وہی رنگ کرسکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (حروفِ تہجی)
- گلاب صفحہ نمبر ۳۵، ۳۶، ۳۷، اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۲۸
- رنگین پنسلیں (پیلے رنگ کی)
- رنگ لال پیلا اور نیلا کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- کاپی

### طریقۂ کار:

☆ رنگوں کے ناموں کے فلیش کارڈز پڑھوائیے لال، نیلا، پیلا

- حروفِ تہجی کے فلیش کارڈز بچوں کے ہاتھ میں دے کر کھڑا کریں اور پھر باقی بچوں سے پوچھ کر ترتیب درست کیجیے۔
- بورڈ پر ترتیب سے حروف لکھ کر تمام آوازوں کا اعادہ کیجیے اور ان سے شروع ہونے والے نام پوچھیے اور بتائیے، مثلاً ب ۔ بلّی، پ ۔ پتنگ...
- گلاب کا صفحہ نمبر ۳۵ بورڈ پر لکھیے۔ بچوں کو کام کا طریقہ سمجھائیے۔
- لکھائی کے بعد تصاویر میں رنگ بھروائیے۔




☆ بصری الفاظ (رنگوں کے نام) کی پڑھائی کروائیے۔ بورڈ پر 'ا سے ژ' تک لکھ کر پڑھائی کروائیے۔ اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۲۸ بورڈ پر بنائیے۔ کام طریقہ سمجھانے کے بعد درست طریقے سے کام کروائیے۔ اس دوران طلبا سے مختلف حروف سے شروع ہونے والی اشیا کے نام بھی پوچھیے اور بتائیے۔ مثلاً آپ کو یاد ہے 'پ' سے کیا شروع ہوتا ہے؟ ہم نے 'ز' سے کیا بنایا تھا (زنجیر)

☆ بصری الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔

- کاپی میں 'پ سے ژ' تک ترتیب سے خوشخط لکھوائیے۔

آپ بورڈ پر لکھیے اور بچے دیکھ کر نقل کریں۔ کاپیوں میں پہلے سے نقطوں والے حروف بنا کر دیجیے۔ ہر حرف کا خاندان ایک سطر پر ہو۔

☆ تصویروں اور حروف کے کارڈز کو ملا کر زمین پر رکھنے کا کھیل کھیلیے۔

| | |
|---|---|
|  | ب |
|  | ت |
|  | ج |

- گلاب کا صفحہ نمبر ۳۶ بورڈ پر بنا کر کام کے طریقے کی وضاحت کیجیے۔ کتاب میں دی گئی مثال کے حرف پر دائرہ بنا کر دکھائیے۔

☆ نئے لفظ کہاں کا تعارف کروائیے۔ بصری طریقۂ تدریس میں پورے لفظ کی پہچان کروائی جاتی ہے۔

- پچھلے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- بورڈ پر گلاب کا صفحہ نمبر ۳۷ بنا کر سمجھائیے۔
- گلاب کے صفحات نمبر ۳۶ اور ۳۷ پر کام کے دوران دیکھیے کہ کن بچوں کو حروف کی پہچان اور لکھائی میں مشکل درپیش ہے۔ ان طلبا کے نام الگ لکھ لیجیے اور بعد ازاں ان بچوں پر خصوصی طور پر توجہ دیجیے۔

## مقاصد:

- طلبا سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کر سکیں۔
- نیا ذخیرۂ الفاظ بصری طریقے سے پڑھ سکیں۔
- 'س ،ش ،ص ،ض ، ط ، ظ' کی آوازیں سیکھ سکیں۔
- 'س ،ش ،ص ،ض ، ط ، ظ' درست بناوٹ سے لکھ سکیں۔
- 'ب سے س' درست طریقے سے ترتیب وار لکھ سکیں۔
- کہانی پڑھ سکیں ، سوالات کے جوابات کے ذریعے اپنے فہم کا اظہار کر سکیں۔
- رنگوں کی پہچان کر کے درست رنگ بھر سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (حروف تہجی ب سے ظ)
- کہانی 'غبارے' (معاون کتاب 'غبارے') کے منتخب الفاظ
- تختۂ تحریر
- گلاب صفحہ نمبر ۳۸ سے ۴۸
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۲۹ سے ۳۶
- معاون کتاب 'غبارے' صفحہ نمبر ۲۸ سے ۳۴

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۴ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق صفحہ vii کے مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو تبدیل کر کے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔ مثلاً 'س' کی پڑھائی کے لیے 'س' سے شروع ہونے والی اشیا ، تصاویر اور 'س' کا ذخیرہ الفاظ لگائیے۔

## پہلا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔
- 'ش' کا ذخیرۂ الفاظ دہرا سکیں۔
- شیر اور چوہے کی کہانی سن کر سمجھ سکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (حروفِ تہجی اور ذخیرۂ الفاظ)
- گلاب صفحات نمبر ۳۸ ، ۳۹ ، ۴۰ ، ۴۱
- کتابچہ 'رنگ'

### طریقۂ کار:

☆ فلیش کارڈز میں نئے الفاظ (کہاں) کے ساتھ (ہیں) کا اضافہ کیجیے۔

بتائیے کہ لفظ (ہیں) بہت سی چیزوں کے لیے اور بڑوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً: یہ کتابیں ہیں۔ یہ امی ہیں۔

- صفحہ نمبر ۳۸ کھلوا کر اس کے بارے میں بات کیجیے۔ کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کہاں ہے؟ ، کیا آپ نے کبھی چُھپن چُھپائی کھیلی ہے؟ اس کھیل کا طریقہ بتائیے۔

بچے صفحے پر رنگ بھریں اس دوران بچوں کو باری باری بلا کر فلیش کارڈز پڑھوایئے اور اپنے پاس اس بات کا ریکارڈ رکھیے کہ کن بچوں کو ابھی فلیش کارڈز سے کچھ حروف اور الفاظ پڑھنے میں مشکل درپیش ہے۔

☆ ذخیرۂ الفاظ فلیش کارڈز کے ذریعے دہرائی کروائیے۔

- گلاب کے صفحہ نمبر ۳۹ پر 'س اور ص' کی نمونہ لکھائی کروائیے۔


'س' کی آواز کا تعارف کروائیے۔ ذخیرۂ الفاظ بتائیے اور پوچھیے۔ س۔ سورج ، سانپ ، سمندر ، ساحل ، سیپی ، سموسے ، سائیکل ، سننا ، سمجھنا ، سوچنا۔

- سوچ کر بتائیے کہ آپ کو کون سا رنگ پسند ہے؟ سنیے غور سے سنیے کہ آپ کو کون سی آواز آ رہی ہیں ، اسی طرح کی سرگرمیاں کرواتے ہوئے 'س' کی آواز دہراتے رہیے۔ مثلاً: س ۔ سوچیے ، س۔ سنیے......

☆ 'س' کی آواز کا اعادہ کیجیے۔ ذخیرۂ الفاظ پر زور دیجیے۔

- 'س' کی نمونہ لکھائی بورڈ پر کر کے دکھائیے۔ بچوں سے ریت ، ہوا ، میز پر بنوائیے ، درست بناوٹ پر زور دیجیے۔ یہ بچوں کو انفرادی توجہ کے ساتھ سکھائیے۔

- 'گلاب' کے صفحہ نمبر ۴۰ پر کام کروائیے۔ صفحے کے نیچے لکھی زبانی ہدایت بولتے جائیے۔ تاکہ بچے دہرائیں اور بناوٹ ذہن نشین کرلیں۔ یہ بھی کہیے ایک ، دو ، تین ، یہ بن گیا سین۔





- صفحے کا کام مکمل ہونے کے بعد گتے کے کٹ آؤٹ دیجیے۔ بچوں سے اس میں لکھے ہوئے 'س' پر ہی پانچ بار پنسل پھیرنے کے لیے کہیے۔ اور پھر رنگ بھروائیے۔
- فلیش کارڈز کی مدد سے جملوں کی صورت میں پڑھائی کروائیے۔

☆ ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیے۔'س' کی آواز کی مزید پہچان کروائیے۔

- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) مزید مشق کے لیے صفحہ نمبر ۲۹ کا کام کروائیے۔

☆ فلیش کارڈز سے سکھائے گئے حروف تہجی اور رنگوں کے نام پڑھائیے۔

- 'س' کی مشق کاپی میں (کالمز بناکر) کروائیے۔ طریقۂ کار وہی رکھیے تختۂ تحریر پر پورا صفحہ بنا کر ایک دو مثالی 'س' بنائیے اور زبانی ہدایت دہراتے رہیے۔
- 'ش' کا تعارف کروائیے۔'ش' کا ذخیرۂ الفاظ بتائیے (شکر ، شام ، شال ، شربت ، شرارت ، شیر ، شعلہ)اور پوچھیے۔
- 'ش' بورڈ پر بڑا لکھیے اور زبانی ہدایت دہرانے کے ساتھ ، ایک دو تین ، اوپر بھی ہیں نقطے تین ، یہ بن گیا شین ، بولتے رہیے۔ کہانی سنائیے۔'شیر اور چوہا' ۔ سوالات کے ذریعے مرکزی خیال واضح کیجیے کہ شیر کی مدد چوہے نے کیوں کی ؟ ( اس لیے کہ شیر نے ایک مرتبہ چوہے کو معاف کیا تھا) نیکی کا بدلہ نیکی ہی ہوتا ہے مختلف مثالوں سے واضح کیجیے۔ مثلاً: آپ کے ساتھ کوئی اچھا کام کرے تو آپ بھی ضرور کبھی نہ کبھی اس کا بدلہ دیجیے۔
- گلاب صفحہ نمبر ۴۱ کا کام سمجھا کر کروائیے۔'س' لکھنا سیکھنے کے بعد 'ش' لکھنا نسبتاً آسان ہوتا ہے۔نقطوں کی پہچان بار بار کرواتے رہیے۔
  - 'ش' کی ہدایت دہرانے کے ساتھ بورڈ پر لکھتے وقت بولیے'ایک دو تین' اوپر بھی نقطے تین ، یہ بن گیا 'ش'۔
  - 'ش' ہوا ، ریت اور میز پر لکھوائیے۔ گلاب کے صفحہ نمبر ۴۱ پر کام کروائیے۔
- A4 سائز کاغذ کو چوہرا (دو مرتبہ تہہ کیا ہوا) کرکے سرورق کی شکل دیجیے۔ جڑے ہوئے حصے کاٹ کر الگ کیجیے۔ ایک جانب اسٹیپل کرکے سرورق بنائیے ، 'رنگ' کا عنوان لکھیے ، اندرونی صفحات پر (لال ، نیلا ، پیلا) نیچے لکھیے۔ آج اور آنے والے دنوں میں کام ختم ہونے پر بچوں کو دیجیے ، تاکہ وہ رنگ پڑھ کر اسی رنگ کی تصاویر بنائیں۔



## دوسرا ہفتہ


### مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- 'ش' کی کاپی میں لکھائی کرسکیں۔
- 'ص' کی پہچان کرسکیں اور اس کا ذخیرۂ الفاظ سیکھ سکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- کاپی میں لکھا گیا کام 'ش'۔
- 'ص' کی اشیا کی ٹوکری جس میں صابن ، صافی ، (کھلونا) صراحی اور صوفا رکھا ہو۔
- گلاب صفحہ نمبر ۴۲
- گتے پر 'ص' لکھ کر پنسل پر ٹیپ کی مدد سے چپکائیے۔
- ٹافیاں یا اسٹار




### طریقۂ کار:

☆ فلیش کارڈز (حروفِ تہجی اور ذخیرۂ الفاظ) دہرانے کے ساتھ بچوں کے ہاتھ میں دے کر پڑھوائیے۔

- 'ش' کی آواز کا اعادہ کیجیے۔
- 'ش' بورڈ پر بڑا لکھیے اور زبانی ہدایت دہرانے کے ساتھ ، ایک دو تین ، اوپر بھی ہیں نقطے تین ، یہ بن گیا شین ، بولتے رہیے۔
- خوشخطی سے صفحہ نمبر ۳۰ کا کام کروائیے۔

☆ 'ش' کا ذخیرۂ الفاظ دہرانے اور فلیش کارڈز سے پڑھائی کروانے کے بعد کاپی میں کام کروائیے۔ 'ش' کی گولائی اور نقطوں کی تعداد اور بناوٹ پر نظر رکھتے ہوئے مدد کیجیے۔

1 3 2 کوشش کیجیے کہ بچے اسی طرح دو نیچے ایک اوپر نقطہ لگائیں۔ بتائیے کہ جب حرف کے اوپر نقطے ہوتے ہیں تو دو نقطے نیچے اور ایک اوپر ہوتا ہے جیسے آپ نے ث میں بنائے تھے۔

- 'ص' کا تعارف کروائیے۔
- ص دکھائیے بورڈ پر لکھ کر اس کی آواز بتائیے اور واضح کیجیے کہ اس کی وہی آواز ہے جو اس سے پہلے سکھائے گئے ان دو حروف کی تھی 'ث اور س' مگر اس سے بہت کم نام آتے ہیں۔ بتائیے صبح ، صحت ، صفائی ، صاف ، صفحہ ، صورت ، ٹوکری میں رکھی گئی اشیا دکھائیے۔ صوفا ، صراحی (کھلونے) ، صابن ، صافی۔

- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۳۱ پر نمونہ لکھائی کروائیے۔

☆ بچوں کو صفائی کی اہمیت کے بارے میں بتائیے۔ صاف ستھرا رہنے کے لیے کیا کرنا چاہیے۔ اپنی ذاتی صفائی اور ماحول کی صفائی کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ بچوں سے کمرۂ جماعت کی صفائی سرگرمی کے طور پر کروائیے۔ بچوں سے کہیے کہ کل جو بچہ بہت زیادہ صاف ستھرا اسکول آئے گا اسے 'ص' میاں ایک تحفہ دیں گے۔

- 'ص' بورڈ پر لکھ کر بچوں سے ہوا، ریت اور میز پر لکھوائیے۔

☆ فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔

- صفائی کی اہمیت کے بارے میں گزشتہ کل کی گئی گفتگو دہرائیے، بچوں سے پوچھیے اور بتائیے۔
- 'ص' کی تِتلی لے کر ہر بچے کے پاس جائیے اور جو بچے صاف آئے ہوئے ہوں انھیں ٹافی یا اسٹار (جو بھی آپ نے انتظام کیا ہو) دیجیے۔ اس طرح بچوں میں صاف رہنے کی عادت کی حوصلہ افزائی ہو گی۔
- اگلے دن بھی ان بچوں کو دیجیے جو صاف آئے ہوں اس طرح کوشش کیجیے کہ جماعت کے ہر بچے کو اس ہفتے یہ تحفہ 'ص میاں' یعنی 'ص' کی تِتلی ضرور دیں۔
- گلاب کا صفحہ نمبر ۴۳ بورڈ پر بنا کر لکھنا سکھائیے اور کام کروائیے۔
- جن بچوں کو مشکل درپیش ہو ان سے چاک سے بورڈ پر بڑے لکھے 'ض' پر ٹریسنگ کروائیے۔
- ان آوازوں کا اعادہ کیجیے جو ایک جیسی ہیں۔

ث......ثمر، ثمینہ

س......سیب، سموسا


ص......صفائی، صاف

ہر ایک کا مختصر ذخیرۂ الفاظ بتائیے۔

- مزید مشق کے لیے اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۳۲ کروائیے، یہ کام گھر سے کر کے لانے کے لیے بھی دیا جا سکتا ہے۔

☆ فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔

- 'ص' کی مزید مشق بورڈ پر کروانے کے بعد کاپیوں میں کام کروائیے۔ بچے 'ص' بنانا سیکھنے میں وقت لیتے ہیں۔ جن بچوں کو مشکل درپیش ہو ان سے چاک سے بورڈ پر بڑے لکھے 'ص' پر ٹریسنگ کروائیے۔



# تیسرا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- نیا ذخیرۂ الفاظ بصری طریقے سے پڑھ سکیں۔
- 'ض' کی آواز سیکھ سکیں۔
- جان سکیں کہ آواز ایک جیسی ہونے کے باوجود ان سے شروع ہونے والا ذخیرۂ الفاظ مختلف ہے۔
- (ذ زض) کہانی سمجھ سکیں ، سوالوں کے جواب دے سکیں۔
- کہانی کا مزہ لے سکیں۔
- رنگوں کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- گلاب صفحہ نمبر ۴۳
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۳۳
- معاون کتاب: غبارے کہانی ،'غبارے' صفحہ نمبر ۲۸
- گلاس اور پانی
- رنگین پنسلیں

## طریقۂ کار:

☆ 'ض' کی پہچان کروایئے ،'ض' سکھاتے ہوئے آپ کو اس کی بناوٹ سمجھانے میں آسانی ہو گی کیونکہ بچے 'ص' سیکھ چکے ہیں یہاں نقطہ مزید لگانے سے حرف 'ض' سیکھ جائیں گے۔ لیکن آواز سکھانے میں بہت محنت کی ضرورت رہے گی۔ بتایئے کہ یہ آواز وہی ہے جو'ذ اور ز' کی ہے ، لیکن اس سے بہت کم الفاظ آتے ہیں۔ مثلاً: ضعیف ، ضائع ، ضرورت ، ضروری......۔

ضائع کے بارے میں بات کیجیے۔

گلاس میں پانی لے کر بتایئے کہ اتنا پانی لیجیے جتنا پینا ہو باقی بچنے سے پانی ضائع ہوتا ہے ،نل کھلا نہ چھوڑیے کھلا رہ گیا ہو (جیسے محلے یا گھر میں ) تو بند کردیجیے۔ اسی طرح کوئی بھی چیز ضائع کرنے سے نقصان بھی ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ بھی ناراض ہوتے ہیں۔ کیونکہ اللہ نے ہمیں یہ نعمتیں ضائع کرنے کے لیے نہیں دی ہیں۔

- گلاب صفحہ نمبر ۴۳ پر کام کروایئے۔

☆ نیا ذخیرۂ الفاظ متعارف کروائیے، کہانی ’غبارے‘ (معاون کتاب: ’غبارے‘) (مجھے، چاہیے، کو، غبّارہ، غبّارے) سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔ (لال، نیلا، پیلا، کہاں، ہیں)

- مزید مشق کے لیے اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۳۳ کا کام کروائیے۔

☆ ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔ ’ض‘ کا ذخیرۂ الفاظ درست طریقے سے لکھوائیے۔

- ان آوازوں کا اعادہ کیجیے جو ایک جیسی ہیں۔
- ہر آواز کا مختصر ذخیرۂ الفاظ بتائیے۔

ذ...... ذرے، ذخیرہ

ز......زردی، زنجیر

ض......ضعیف، ضائع

- کاپی میں خوشخطی کا کام کروائیے اور ’ض‘ درست بناوٹ سے لکھوائیے۔

☆ فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ پڑھوائیے۔

- بچے کچھ الفاظ پڑھنے پر قادر ہو چکے ہوں گے۔
- معاون کتاب ’غبارے‘ کی کہانی کتاب کے صفحہ نمبر ۲۸ پر دیے گئے طریقے سے پڑھوائیے، سوالات کیجیے۔

☆ کہانی ’غبارے‘ انفرادی طور پر پڑھوائیے۔

- مشق اور سرگرمیاں کروائیے، رنگ بھی بھروائیے۔
- مشق میں دیا گیا آوازوں کی پہچان کا کھیل بھی کھیلیے۔

# چوتھا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- نئے الفاظ | گیند | ، | کتاب | ، | گڑیا | کے فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- 'ط ، ظ' کا ذخیرۂ الفاظ اور بناوٹ دہرا سکیں۔
- 'ط ، ظ' خوش خط لکھ سکیں۔
- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- 'ط ، ظ' کا ذخیرۂ الفاظ دہرا سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- کاپی میں کام 'ط'
- تختۂ تحریر
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۳۴
- گلاب صفحات نمبر ۴۴، ۴۵
- | ط | اور | ظ | کے فلیش کارڈز (تعارف کے لیے)
- نئے الفاظ کے فلیش کارڈز

| گیند | کتاب | گڑیا |


- رنگین پنسلیں
- گتے کا کٹ آؤٹ طوطا


## طریقۂ کار:


☆ نئے حرف 'ط' کا تعارف کروائیے، ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔ (طاقت، طوفان، طوطا، طیارہ، طاق، طاقت ور)

- یاد رکھیے کہ 'ط' بنانا بچے ٹ اور 'ڈ ، ڑ' کے حروف سیکھتے ہوئے سیکھ چکے ہیں۔ اب آپ بڑی 'ط' سکھا رہے ہیں جس کی اپنی آواز 'ت' جیسی ہے۔ یہ بات بچوں کو یاد دلاتے ہوئے آواز کی مشق کروائیے۔
- گلاب صفحہ نمبر ۴۴ کا کام بورڈ پر سمجھا کر کروائیے، زبانی ہدایت دہراتے رہیے۔

☆ فلیش کارڈز کا اعادہ کروائیے۔ نئے فلیش کارڈز دکھائیے اور پڑھائیے۔

گیند 

کتاب 

گڑیا 

- ’ط‘ کی آواز کا اعادہ کیجیے۔
- طوطے کے کٹ آؤٹ پر’ط‘ لکھوا کر رنگ بھروایئے۔ جماعت میں سجایئے یا بچوں کو گھر لے جانے کے لیے دیجیے۔
- ’ط‘ کی لکھائی کی مشق کروایئے۔


☆ اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۴۴ کا کام سمجھا کر کروایئے۔

☆ فلیش کارڈز سے سکھائے گئے (الفاظ کا اعادہ کیجیے۔)

- ’ط‘ کا ذخیرۂ الفاظ دہرایئے۔
- کاپی میں خوشخطی کروایئے۔

☆ تختۂ تحریر پر’ظ‘ بڑا لکھیے۔ اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور نام پوچھیے اور بتایئے ، ظروف کا مطلب بتایئے۔ برتنوں کو ظروف بھی کہتے ہیں۔ ظہر (نماز کا نام) ، ظالم ، ظلم (ہمیں جانوروں پر ظلم نہیں کرنا چاہیے)

- ایک جیسی آوازوں کے حروف کا اعادہ کروایئے۔ ت ط ، ث س ص ، ذ ز ض اور ظ۔
- بچے’ط‘ لکھنا سیکھ چکے ہیں اس لیے انھیں’ظ‘ لکھنے میں مشکل نہیں ہو گی۔
- گلاب کا صفحہ نمبر ۴۵ کروایئے۔



# پانچواں ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔ ایک جیسی آوازوں ذ ، ز ،ض ، ظ پہچان سکیں۔
- 'ب سے ظ' تک درست بناوٹ کے ساتھ لکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- گلاب صفحات نمبر۴۶ ، ۴۷ ، ۴۸
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحات نمبر ۳۵ ، ۳۶
- تختۂ تحریر ، کاپی
- فلیش کارڈز

## طریقۂ کار:

☆ 'ظ' کا ذخیرۂ الفاظ اور بصری ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز دکھایئے۔

- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۳۵ کروایئے۔
- آواز کی وضاحت کیجیے۔ بتایئے کہ ان چاروں حروف کی آوازیں ایک جیسی ہیں۔لیکن ذخیرۂ الفاظ مختلف ہے۔


ذ ......ذرّے ز ......زرّافہ ض ......ضعیف ظ ......ظروف ، ظالم

☆ طلبا سے حروفِ تہجی کا اعادہ فلیش کارڈز پکڑا کر کھڑا کر کے کروایئے۔

- دیے گئے نمونے کے مطابق پہلے سے تیار کی گئی کاپی میں ظ لکھوایئے۔

☆ فلیش کارڈز سے الفاظ اور حروفِ تہجی کا اعادہ کروایئے۔

- فلیش کارڈز بچوں کے ہاتھ میں پکڑا کر ترتیب سے کھڑا کروایئے (ب سے ظ تک)
- گلاب صفحہ نمبر۴۶ میں کام کا طریقہ بورڈ پر لکھ کر سمجھایئے۔ درست طریقے سے لکھائی کروایئے ، مثلاً:



مزید مشق کے لیے اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر۳۶ کروایئے۔ چاہیں تو گھر کے کام کے لیے دیجیے۔

☆ فلیش کارڈز سے الفاظ اور حروفِ تہجی پڑھایئے۔

- بورڈ پر ترتیب سے خاندان کے لحاظ سے حروف لکھیے۔

ب پ ت ٹ ث

ج چ ح خ

د ڈ ذ

ر ڑ ز ژ

س ش ص ض ط ظ

- کاپی میں بورڈ سے دیکھ کر لکھنے کی ہدایت کیجیے۔
- کام کے دوران بچوں کی مدد کیجیے ایک سطر چھوڑ کے لکھنے کی ہدایت بھی کیجیے۔
- بچے بورڈ سے دیکھ کر پہلی مرتبہ یہ کام کررہے ہیں اس لیے بچوں پر انفرادی توجہ دینا ضروری ہے۔

☆ بورڈ پر گلاب کے صفحات نمبر ۴۷ اور ۴۸ بنائیے اور ایک ایک مثال بچوں سے پوچھ کر لکھ دیجیے۔

- انفرادی توجہ دیجیے کہ کن بچوں کو کن حروف کو سمجھنے میں مشکل درپیش ہے ان بچوں کو الگ سے سمجھائیے۔ آنے والے دنوں میں بھی ان بچوں پر الگ سے انفرادی توجہ دیتے رہیے تاکہ ان کی کمزوری دور ہوجائے۔

## یونٹ کے مقاصد:

- طلبا کو سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروانا۔
- گلاب اور کہانی شرارت (معاون کتاب 'غبارے') کے نئے ذخیرۂ الفاظ (گیند، کتاب، گڑیا، کی، میاؤں، اوہ، ٹیں ٹیں) کا تعارف۔
- 'ع، غ، ف، ق، ک، گ' کی پہچان کرسکیں۔
- درسی کتاب گلاب، خوشخطی کی کتاب اور کاپی میں لکھائی کرسکیں۔ جانچ کا کام درست طریقے سے کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- گلاب صفحات نمبر ۴۹ تا ۵۹
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحات نمبر ۳۷ سے ۴۹
- معاون کتاب برائے مطالعہ 'غبارے' صفحات نمبر ۳۵ سے ۴۰
- تختۂ تحریر
- کارڈ شیٹیں، رنگین پنسلیں

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۵ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق صفحہ vii کے مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو تبدیل کرکے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔ مثلاً 'ع' کی پڑھائی کے لیے 'ع' سے شروع ہونے والی اشیا، تصاویر اور 'ع' کا ذخیرۂ الفاظ لگائیے۔

## پہلا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- فلیش کارڈز سے حروفِ تہجی پڑھ سکیں۔
- نئے حروف 'ع اور غ' کا ذخیرۂ الفاظ بتا سکیں۔
- 'ع غ' کی لکھائی کر سکیں۔
- نیا ذخیرۂ الفاظ سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- گلاب صفحات نمبر ۵۰ ، ۵۱
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحات نمبر ۳۷، ۳۸
- 'ع' کی اشیا کی ٹوکری (عطر کی بوتل ، عینک ، عمارت کی تصویر)
- گتے کی عینک کا کٹ آؤٹ
- غبارے
- تختۂ تحریر
- 'غ' کا فلیش کارڈ اور اس سے شروع ہونے والی اشیا یا ان کے تصویری فلیش کارڈز۔

## طریقۂ کار:

☆ فلیش کارڈز سے بصری الفاظ کا اعادہ کروائیے۔


- فلیش کارڈز سے جملے پڑھوائیے [یہ] [کون] [ہے] ، [یہ] [علی] [ہے]
- نئے لفظ 'ع' کی آواز بتائیے (اَ ، یہ عربی 'ع' کی طرح نہیں ہو گی) 'ع' سے شروع ہونے ولے نام بتائیے (عذرا ، علی ، عالی ، عائشہ ، عطر ، عمارت ، عینک ، عبید)
- اصلی اشیا دکھائیے۔ تھوڑا تھوڑا عطر بچوں کو لگائیے اور بتائیے کہ حضور ﷺ کو یہ بہت پسند تھا۔
- 'ع' کی بناوٹ بورڈ پر سکھائیے۔ صفحے کے نیچے لکھی گئی ہدایت دہراتے ہوئے بورڈ پر بڑا حروف لکھیے۔
- گلاب کا صفحہ نمبر ۵۰ کروائیے ، نیچے لکھے گئے جملے پڑھوائیے۔

☆ فلیش کارڈز سے نیا ذخیرۂ الفاظ پڑھوایئے۔

- حروفِ تہجی کا اعادہ کروایئے۔
- خوشخطی صفحہ نمبر ۳۷ کروایئے۔

☆ فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔

- کاپی میں لکھ کر دیا گیا 'ع' کالم میں درست طریقے سے لکھوایئے۔ حاشیے میں تصاویر بھی بنوائی جا سکتی ہیں۔
- گتے کی عینک بنوا کر اس میں رنگ بھروایئے، بچے اپنی تیار کی ہوئی عینکیں گھر لے جائیں۔



☆ 'غ' کا تعارف کرواتے ہوئے اس کا ذخیرۂ الفاظ دیجیے (غبارے، غالیچہ، غائب، غصہ، غرارا......)

- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔
- 'غ' کا اعادہ کروایئے۔
- 'غ' بورڈ پر لکھیے اور گلاب کے صفحے میں کام کروایئے۔
- غبارے (ایک دن پہلے بچوں سے منگوایئے یا خود مہیا کیجیے) پھلوایئے۔ پھولے ہوئے غباروں پر مارکر سے 'غ' لکھ کر جماعت میں لٹکایئے۔ بچے گھر بھی لے جا سکتے ہیں۔

☆ ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کے بعد کاپی میں کام کروایئے۔ 'غ' کی چیزوں کی تصاویر بھی بنوایئے۔

- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۳۸ گھر کے کام میں دیجیے۔

## دوسرا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- 'ف' کی نمونہ لکھائی کرسکیں۔
- 'ف' کی آواز کا تعارف اور ذخیرۂ الفاظ زبانی سیکھ سکیں۔
- 'فاختہ اور چیونٹی' کی کہانی سن کر سمجھ سکیں۔
- کہانی دہرا سکیں اور سوالات کے جوابات دے سکیں۔
- کہانی کا ڈراما کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- تختۂ تحریر
- ف فلیش کارڈز اور اشیا
- گلاب صفحات نمبر ۵۲، ۵۳، ۵۴
- گتے کے ماسک
- معاون کتاب 'غبارے'

## طریقۂ کار:

☆ فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔

- گلاب صفحہ نمبر ۵۲ پر 'ف' کی نمونہ لکھائی کروائیے۔

☆ 'ف' کا تعارف کروائیے، ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔ (ف ۔ فرش، فوجی......)

- معاون کتاب 'غبارے' سے کہانی 'فاختہ اور چیونٹی' سنائیے۔
  دیکھیے رہنما ہدایات برائے اساتذہ 'گلاب' صفحہ نمبر ۹۷

سوالات کیجیے، اس کہانی میں کون کون تھا؟ کیا ہوا تھا؟ پھر کیا ہوا تھا؟ فاختہ نے چیونٹی کی مدد کیسے کی تھی؟ شکاری کیا کرنا چاہ رہا تھا؟ چیونٹی نے چیونٹی کی مدد کیسے کی تھی؟ شکاری کیا کرنا چاہ رہا تھا؟ چیونٹی نے اسے کیوں کاٹا؟ فاختہ نے چیونٹی کا شکریہ کیوں ادا کیا؟ کیا آپ نے کبھی کسی کا شکریہ دا کیا ہے، آج ضرور جا کر اپنی امی، ابو، بہن اور بھائیوں کا شکریہ ادا کیجیے کیونکہ وہ سب آپ کے بہت سے کام کرتے ہیں شکریہ ادا کرنا اپنی عادت بنا لیجیے۔

- اس کہانی کو ڈرامے کی طرح بچوں کو کردار بنا کر کروایئے ہو سکے تو گتے کے ماسک بنا کر دیجیے جو منھ پر لگا کر بچے ، فاختہ چیونٹی اور شکاری بن سکیں۔
- 'ف' کا ذخیرۂ الفاظ دہرایئے۔ تختۂ تحریر پر بڑا سا حرف ف لکھیے (بچوں کے قد کے مطابق نیچے لکھیے ، انفرادی طور پر ہر بچے سے بورڈ پر لکھے گئے حروف 'ف' پر چاک پھروایئے )۔

☆ کہانی 'غبارے' کتاب ہاتھ میں لے کر دہرایئے۔ جو بچے پڑھ سکتے ہوں ، ان سے پڑھوایئے۔

- پہلے کیا ہوا؟ پھر کیا ہوا...... ان سوالات کی مدد سے کہانی کی ترتیب ، واضح کیجیے۔
- گلاب کا صفحہ نمبر ۵۴ کھلوایئے۔ 'پہلے ، پھر ، اس کے بعد ، آخر میں' کا ذخیرۂ الفاظ زبانی دیجیے۔ اور دیے گئے مناظر کے بارے میں تبادلۂ خیال کیجیے۔ بعد ازاں تصاویر میں رنگ بھروایئے۔

☆ 'ف' کا ذخیرۂ الفاظ دہرایئے۔

- بورڈ پر مشق کے بعد گلاب صفحہ نمبر ۵۳ میں بڑے حرف میں پانچ بار لکھوانے کے بعد نیچے کے حرف میں لکھوایئے۔
- تصاویر میں رنگ بھروایئے۔

☆ اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۳۹ میں کام کروایئے ( گھر سے بھی دیا جا سکتا ہے۔)

- کاپی میں کام کروایئے۔

## تیسرا ہفتہ

### مقاصد:


طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- 'ف' کی مزید مشق کرسکیں۔
- 'ق' کی آواز کی پہچان کرسکیں۔
- 'ق' بنانا سیکھ سکیں۔
- نیا حرف 'ک' سیکھ سکیں۔
- کشتی بنانا سیکھ سکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)

  کاپی میں کام 'ق'
- اصلی اشیا کی ٹوکری (قینچی، قلم، قاعدہ، قائداعظم کی تصویر، قلفی کی تصویر)
- 'ق' گتّے کا کٹ آؤٹ
- 'ک' کے تعارف کے لیے اشیا (کنگھا، کتاب، کاپی......)
- کاغذ (کشتی بنانے کے لیے)
- گلاب صفحہ نمبر ۵۵
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۴۰




### طریقۂ کار:

☆ فلیش کارڈز پڑھوایئے۔

- 'ف' کا ذخیرۂ الفاظ دہرایئے۔ آواز کی مشق کروایئے۔
- 'ق' حرف کا تعارف کروایئے۔ ذخیرۂ الفاظ بتایئے، (قاری، قرآن، قاعدہ، قیمہ، قینچی، قلفی، قالین......) اصلی اشیا کی ٹوکری سے چیزیں دکھایئے۔)
- بورڈ، ہوا، میز پر 'ق' بنوایئے۔
- گتّے کا کٹ آؤٹ 'ق' (قلفی) بنوایئے۔ رنگ بھروا کر انھیں گھر لے جانے دیجیے۔

☆ ذخیرۂ الفاظ کی دہرائی کروائیے۔


- سیکھے گئے حروفِ تہجی کے فلیش کارڈز کے ذریعے اعادہ کروائیے۔
- گلاب صفحہ نمبر ۵۵ کا کام بورڈ پر سمجھا کر درست طریقے سے کروائیے۔

☆ ذخیرۂ الفاظ (بصری) کا اعادہ کروائیے۔ ق کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔ خوشخطی صفحہ نمبر ۴۰ کا کام کروائیے۔

☆ بچوں سے پوچھیے 'ق' سے کون سی چیزوں کے نام آتے ہیں؟ کاپی میں کام کروائیے۔

☆ ذخیرۂ الفاظ کی دہرائی کروائیے۔

- نئے حرف 'ک' کا تعارف کروائیے۔ ذخیرۂ الفاظ بتائیے۔ (کتاب ، کاغذ ، کنگھا ، کُرتا ، کتا ، کالا ، کوٹ ، کڑاہی ، کچّا ، کونا......) 'ک' سے شروع ہونے والی کچھ چیزیں ایک گوشے میں نام لکھ کر سجا دیجیے۔ کنگھا ، کتاب ، کاغذ ، کوّے اور کبوتر کی تصویر۔
- فلیش کارڈز پڑھوائیے۔ تمام حروف کا اعادہ بورڈ پر لکھ کر کیجیے۔
- حرف 'ک' کی بناوٹ سمجھائیے۔ ذخیرۂ الفاظ پوچھیے اور بتائیے۔
- 'ک' بنانا سکھائیے۔ گلاب کے صفحے کے نیچے لکھی گئی زبانی ہدایت دہرائیے۔
- کاغذ کی کشتی بنوائیے اور اس میں رنگ بھروائیے اور جماعت میں سجوائیے۔



## چوتھا ہفتہ

### مقاصد:


طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:
- بصری ذخیرۂ الفاظ کی دہرائی کرسکیں۔
- حروفِ تہجی کا اعادہ کرسکیں۔
- ک اور گ کی پہچان کرسکیں۔
- ک اور گ کی درست بناوٹ سے لکھائی کرسکیں۔

### مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ)
- گ کے تعارف کے لیے فلیش کارڈز اور اصلی اشیا
- گلاب صفحات نمبر ۵۶ ، ۵۷
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحات نمبر ۴۱ ، ۴۲
- تختۂ تحریر

### طریقۂ کار:

☆ ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروایئے ، ک کا ذخیرۂ الفاظ دہرایئے۔
- گلاب صفحہ نمبر ۵۶ بورڈ پر بنا کر کام کرنے کا طریقہ سمجھایئے۔ درست طریقے سے شروع کروایئے۔ پہلے 'ل' بنوایئے پھر اس پر مرکز ـــ لگوایئے۔



- تصاویر میں رنگ بھروایئے۔

نوٹ: زبانی ہدایت: پہلے الف بنائیں | پھر ب کی طرح بنائیں ل پھر اس کا مرکزہ ـــ اس سے ملائیں۔

☆ اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۴۱ پر کام کروایئے۔


☆ فلیش کارڈز پڑھوایئے۔

- کاپی میں کام کروایئے۔ دھیان رکھیے کہ بچے ایک ہی بار میں 'ک' نہ بنائیں بلکہ الف بنا کر 'ب' کی طرح بنائیں اور پھر اس کا مرکزہ باقی حروف سے ملائیں۔

☆ بصری ذخیرۂ الفاظ کی دہرائی فلیش کارڈز کے ذریعے کروائیے۔ حروفِ تہجی کے فلیش کارڈز دکھائیے۔

- نئے حرف 'گ' کی آواز سکھائیے۔ ذخیرۂ الفاظ بتائیے۔ (گلاب، گیند، گاڑی، کتّا......)
- بورڈ پر بڑا لکھ کر دکھائیے لکھتے وقت زبانی ہدایت بولتے رہیے۔
- گلاب کے صفحے نمبر ۵۷ کا کام کروائیے۔
- صفحے کے نیچے لکھے گئے جملے پڑھوائیے۔

☆ اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۴۲ کا کام کروائیے۔


لکھیے اور رنگ بھریے

گڑیا

گاجر

گیند

گاڑی

گ

یہ علی کی گیند ہے۔

یہ زارا کی گڑیا ہے۔

زبانی ہدایت: اوپر سے نیچے آکر 'ب' کی طرح بنائیے اور دو آڑی لکیریں بنا کر ایک لکیر کی اس سے دوستی کروائیے۔

مقصد: 'گ' کی پہچان اور لکھائی۔ ذخیرۂ الفاظ کی جملوں میں پڑھائی۔

۵۷

OXFORD UNIVERSITY PRESS

# پانچواں ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔
- سکھائے گئے حروف تہجی کا اعادہ کرسکیں۔
- سکھائے گئے حروف تہجی کی پہچان اور لکھائی کی جانچ کا کام کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- حروف تہجی کے فلیش کارڈز
- گلاب صفحات نمبر ۵۸ ، ۵۹
- تختۂ تحریر
- کاپی
- اپنے ریکارڈ کے لیے نوٹ بک

## طریقۂ کار:

☆ فلیش کارڈز سے پڑھائی کے بعد تختۂ تحریر پر 'گ' صحیح بناوٹ سے بنا کر دکھائیے اور کاپی میں کام کروائیے۔

☆ حروف تہجی اور اُن سے متعلقہ تصاویر کے فلیش کارڈز دکھا کر اعادہ کروائیے۔

- تختۂ تحریر پر گلاب کا صفحہ نمبر ۵۸ بنائیے۔
- مثال ایک حرف پر دائرہ بنائیے۔
- طلبا کو تمام چیزوں کے نام اُردو میں بتائیے۔
- انفرادی طور پر کام کرنے دیجیے۔
- جن بچوں کو دشواری ہو اُن کے نام اپنے پاس نوٹ کیجیے تاکہ آئندہ کی تدریس میں مدد کرسکیں۔
- دائرہ بنانے کا کام بچے جلد کر لیتے ہیں ، رنگ بھروائیے۔
- گلاب کے سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیے۔

☆ فلیش کارڈز کے ذریعے تمام حروف تہجی کی آوازیں اور اُن سے شروع ہونے والی تصاویر کا اعادہ کروائیے۔

- گلاب کا صفحہ نمبر ۵۹ تختۂ تحریر (بورڈ) پر بنائیے۔
- ایک مثال خود دیجیے۔

- انفرادی نگرانی میں کام کروائیے۔
- ہر بچے کے معیار کا جائزہ لیجیے اور نوٹ کیجیے۔ کہ کن بچوں پر مزید توجہ دینے کی ضرورت ہے۔


☆ سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ (گلاب) کے فلیش کارڈز کے ذریعے اعادہ کروائیے۔

- تختۂ تحریر (بورڈ) پر حروف تہجی خاندان اور جوڑوں کی وضاحت کے ساتھ لکھیے۔

| | |
|---|---|
| 'ب' کا خاندان | ب ، پ ، ت ، ٹ ، ث |
| 'ج' کا خاندان | ج ، چ ، ح ، خ |
| 'د' اور 'ر' کا خاندان | د ، ڈ ، ذ ۔ ر ، ڑ ، ز ، ژ |
| جوڑے: | س ش ۔ ص ض ۔ ط ظ ۔ ع غ ۔ ف ق ۔ ک گ |

- طلبا سے کاپی میں نقل کروائیے۔

☆ ایک چھوٹا کتابچہ بنائیے جس میں طلبا حروف تہجی اور اُن سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر بنائیں (ع غ ف ق ک گ)



## یونٹ کے مقاصد:

- سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کی پہچان کر سکیں (جانچ)
- گلاب کی معاون کتاب 'غبارے' کہانی 'فاختہ اور چیونٹی' کے فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔
- 'ل' سے 'ے' تک حروف تہجی کی آوازیں پہچان سکیں۔
- 'ل' سے 'ے' تک حروف تہجی درست طریقے سے لکھ سکیں۔
- 'ا' سے 'ے' تک حروف تہجی کی آوازوں کا اعادہ کر سکیں۔
- 'ا' سے 'ے' تک حروف تہجی درست طریقے سے لکھنا سیکھ سکیں۔
- نظم 'میرے کھلونے' سن کر سمجھ سکیں اور کروائی جانے والی سرگرمیاں کر سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (حروف تہجی 'ا سے ے')
- فلیش کارڈز ('فاختہ اور چیونٹی' کتاب: غبارے)
- 'ل' سے 'ے' تک آوازیں سکھانے کے لیے حقیقی اشیا (مثلاً لیموں) تصاویر، کھلونے
- تختۂ تحریر
- گلاب صفحات نمبر ۶۰ سے ۷۲
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحات نمبر ۴۳ سے ۵۱
- کاپی میں تیار کیے گئے صفحات

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۶ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق صفحہ vii کے مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو تبدیل کر کے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔ مثلاً 'ل' کی پڑھائی کے لیے 'ل' سے شروع ہونے والی اشیا، تصاویر اور 'ل' کا ذخیرۂ الفاظ لگائیے۔

## پہلا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- نیا ذخیرۂ الفاظ پڑھ سکیں۔
- لال رنگ کی پہچان کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ل اور م' کی آوازیں پہچان سکیں۔
- 'ل اور م' لکھنا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (ذخیرۂ الفاظ اور حروفِ تہجی)
- لیموں ، لال رنگ کی پنسلیں
- گلاب صفحات نمبر ۶۰ ، ۶۱
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۴۳

## طریقۂ کار:

☆ گلاب کا صفحہ نمبر ۶۰ بورڈ پر لکھیے اور پڑھوائیے۔ پابندی سے فلیش کارڈز پڑھوائے جانے کی صورت میں یہی صفحہ بچے خود پڑھنے کے قابل ہوں گے۔

- کام کا طریقہ بورڈ پر ہی ایک مثال دے کر سمجھائیے۔
- انفرادی توجہ سے یہ جانیے کہ کون سے بچے یہ کام نہیں کر پا رہے ، تھوڑی مدد کیجیے ، بالکل نہ کر سکنے والے بچوں کو الگ سے فلیش کارڈز پڑھوا کر یہ کام کروائیے۔

☆ نیا ذخیرۂ الفاظ متعارف کروائیے۔


- فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے (ان بچوں پر خصوصی دیجیے جن کو کل کیے گئے کام میں مشکل ہوئی تھی)
- ل کا فلیش کارڈ دکھائیے ، آواز بتائیے اور ذخیرۂ الفاظ بتائیے۔ (لڑکی ، لڑکا ، لمبا ، لیموں ، لال ، لال بیگ......)
- گلاب کا صفحہ نمبر ۶۱ بورڈ پر بنا کر کام کا طریقہ سمجھائیے۔
- لکھائی کے کام کے بعد تصویروں میں رنگ بھروائیے۔

☆ ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز پڑھوائیے۔

- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۴۳ میں کام کروائیے۔
- تصاویر میں رنگ بھروائیے۔ لڑکے کی قمیض میں لال رنگ بھرنے کی ہدایت دیجیے۔


☆ فلیش کارڈز پڑھوایئے۔'ل' کا ذخیرۂ الفاظ دہرایئے۔

- 'ل' کی درست بناوٹ تختۂ تحریر پر سمجھا کر خوشخطی کا کام کروایئے۔
- اس دوران 'ل' کا ذخیرۂ الفاظ دہراتے رہیے۔ خوشخطی کرنے کے بعد بچے کاپی میں حاشیے میں 'ل' سے شروع ہونے والی چیزیں بنائیں۔




☆ ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔

- نئے لفظ 'م' کی پہچان کروایئے۔ اس کا ذخیرۂ الفاظ بتایئے۔ (مرغی ، مرغا ، مینڈک ، مچھلی ، مسجد ، ماموں ، ممانی ، مور......)
- ہوا ، ریت اور بورڈ پر 'م' بنوایئے۔ انفرادی توجہ کی ضرورت ہو گی۔
- مچھلی کے کٹ آؤٹ میں رنگ بھروا کر گھر لے جانے کے لیے دیجیے۔



# دوسرا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- ذخیرۂ الفاظ اور حروف تہجی کا اعادہ کرسکیں۔
- 'م' کی پہچان اور لکھائی کرسکیں۔
- 'ن' کی آواز پہچان سکیں۔
- اس سے شروع ہونے والا ذخیرۂ الفاظ سیکھ سکیں۔
- 'ن' لکھنا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- 'م ، ن' سے شروع ہونے والی حقیقی یا کھلونا اشیا (مچھلی ، مکھی ، مینڈک ، نمک ، ناخن ، ناک)
- گلاب صفحات نمبر ۶۲ ، ۶۳
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحات نمبر ۴۴ ، ۴۵
- کاپی

## طریقۂ کار:

☆ فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔

- گلاب کا صفحہ نمبر ۶۲ بورڈ پر بنا کر کام سمجھائیے۔
- طلبا سے انفرادی نگرانی میں کام کروائیے۔
- تصاویر میں رنگ بھروائیے۔

☆ ذخیرۂ الفاظ پڑھوائیے۔

- 'م' اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۴۴ میں کام کروائیے۔
- طلبا کو 'م' کا ابتدائی حصہ سیکھنے میں دقت ہوتی ہے۔ ریت ، ہوا ، میز پر بنوانے سے مشق ہوسکتی ہے۔

☆ کاپی میں م لکھوائیے۔

- مچھلی/مرغی کی کوئی نظم سنائیے اور بچوں کے ساتھ پڑھیے۔

☆ سکھائے گئے حروف دہراتے ہوئے نئے حرف 'ن' کی پہچان کروائیے۔

ذخیرۂ الفاظ بتائیے (نمک ، نانا ، نانی ، ننھا ، ناراض ، نل ، ناشتا ، ناخن ، نان......)

- بورڈ پر بڑا لکھ کر دکھائیے۔ کہیے کہ 'ن' ناراض ہو گا اگر کسی نے اس کا نقطہ نہ لگایا۔
- بچے ہوا اور میز پر انگلی سے لکھیں۔
- گلاب کا صفحہ نمبر ٦٣ بورڈ پر بنا کر کام کا طریقہ سمجھائیے۔
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ٤٥ پر کام کروائیے۔

# تیسرا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ن' کی مزید مشق کرسکیں۔
- 'ہ' کی آواز اور اس سے شروع ہونے والا ذخیرۂ الفاظ سیکھ سکیں۔
- 'ہ' کی درست بناوٹ سے لکھائی کرسکیں۔
- 'نظم' کی چاشنی سے لطف اندوز ہوسکیں۔
- نظم کے ذریعے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (ن ، ہ)
- بصری ذخیرۂ الفاظ
- گلاب ہدایات برائے اساتذہ صفحہ ۷۹ نظم: میرے کھلونے
- کاپی
- گلاب صفحات نمبر ۶۴ ، ۶۵
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۴۷

## طریقۂ کار:


☆ فلیش کارڈز پڑھوائیے۔

- 'ن' کا ذخیرۂ الفاظ پوچھیے اور بتائیے۔
- کاپی میں کام کروائیے۔ (لائن سے اوپر نیچے رکھنے کا خیال رکھیے)
- گفتگو کیجیے کہ 'ن' سے لفظ ناراض ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کن باتوں سے ناراض ہوتے ہیں۔ اگر ماں باپ ناراض ہوں تو اللہ بھی ناراض ہوجاتے ہیں۔ جھوٹ بولنے سے ، گندا رہنے سے اور کسی کو تنگ کرنے یا نقصان پہنچانے سے بھی اللہ تعالیٰ ناراض ہوتے ہیں۔

☆ 'ہ' کا ذخیرۂ الفاظ بتائیے اور پوچھیے (ہاتھ ، ہاتھی ، ہرن ، ہار ، ہتھوڑا ، ہوٹل ، ہیلی کاپٹر) ہتھیلی (کیا ہوتی ہے اپنا ہاتھ دکھا کر بتائیے)

- بورڈ پر بڑا لکھ کر دکھائیے زبانی ہدایت دہراتے رہیے۔

- بچوں سے کہیے کہ کاغذ پر اپنا ہاتھ رکھیں اور دوسرے ہاتھ سے پنسل سے ٹریس کریں۔ ہاتھ کی ہتھیلی پر 'ہ' لکھوائیے۔



☆ فلیش کارڈز پڑھوائیے۔

- 'ہ' کی آواز کا اعادہ کروائیے۔
- گلاب کا صفحہ نمبر ۶۴ بورڈ پر بنا کر سمجھا کر کام کروائیے۔

☆ اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۷ ۴ میں کام کروائیے۔ (یہ کام گھر کے لیے بھی دیا جا سکتا ہے)

- کاپی میں کام کروائیے۔

☆ فلیش کارڈز کے ذریعے حروفِ تہجی اور ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔

- خوشخطی درست طریقے سے کروائیے۔

گلاب کا صفحہ کھلوا کر دیکھنے کا وقت دیجیے۔ 'رہنما ہدایات برائے اساتذہ' سے نظم پڑھ کر سنائیے۔ بچوں سے دہرانے کے لیے کہیے۔

- گلاب کے صفحے میں رنگ بھروائیے۔
- بچوں سے کاپی یا کاغذ پر ان کے کھلونوں کی تصاویر بنوائیے۔
- بچوں سے کہیے کہ کھلونے ٹوٹے ہوئے اور سستے بھی ہو سکتے ہیں اور بہت مہنگے بھی لیکن ہم کسی بھی چیز کا کھلونا بنا کر کھیل سکتے ہیں مثلاً مٹی سے چھوٹے کھلونے بنانا، ٹوٹی ہوئی چیزوں کو جوڑ کر کھلونے بنانا، کپڑے یا گتّے کی گڑیاں، گیند اور دوسرے کھلونے بنانا، لکڑی کے ٹکڑوں، آئس کریم اسٹک سے کھلونے بنانا۔
- اگر ممکن ہو تو سستے سے کھلونے جماعت میں بنوائیے۔
- سکھائی گئی آوازوں کی جانچ کا کام کر سکیں۔

# چوتھا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- ایک جیسے اور مختلف کی پہچان کرسکیں۔
- 'ا' بطور مصوّتہ (Vowel) سیکھ سکیں۔
- 'ا' کی لکھائی کرسکیں۔
- کہانی 'فاختہ اور چیونٹی' (معاون کتاب 'غبارے') کے نئے الفاظ کے فلیش کارڈز پڑھ سکیں۔


## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (بصری الفاظ اور حروف تہجی)
- اشیا (کھلونے کے سیب/کیلا......) (تالا ، تارا ، باجا)
- گلاب صفحات نمبر ٦٦ ، ٦٧
- کاپی میں کام

## طریقۂ کار:

☆ فلیش کارڈز سے پڑھائی کروائیے۔

- حروف تہجی کا اعادہ کروائیے۔
- دی گئی تصویروں کے شروع کی آواز لکھوائیے ن ، م ، ل ، ہ
- جماعت میں ایک جیسی اشیا رکھ کر ایک مختلف چیز رکھیے۔ بچوں کو سمجھائیے۔

مثلاً: یہ پھل ہیں۔ سیب  ، کیلا  ، آم  ، بلّا  ان تصاویر میں بلّا ، پھل نہیں ہے اس لیے مختلف ہے ، اسی طرح بورڈ پر تین سبزیوں گاجر ، مٹر ، پیاز کی تصاویر بنائیے اور درمیان میں پنسل کی تصویر بنادیجیے اب بچوں سے پوچھیے کہ مختلف چیز کون سی ہے۔

- گلاب کا صفحہ نمبر ٦٦ بورڈ پر بنا کر کام سمجھائیے اور کروائیے۔

☆ کہانی 'فاختہ اور چیونٹی' (معاون کتاب 'غبارے')

- معاون کتاب 'غبارے' کے صفحہ نمبر ١٤ پر دیے گئے طریقۂ کار کے مطابق کہانی سنائیے ، سوالات کیجیے ، طلبا کو پڑھنے کا موقع دیجیے۔
- گزشتہ ہفتوں میں پڑھائے جانے والے فلیش کارڈز کی مدد سے طلبا کو خود پڑھنے میں آسانی ہوگی۔

☆ کہانی: کل پڑھی گئی کہانی کا اعادہ کروائیے۔ جو بچے کل نہیں پڑھ سکے آج انھیں باری دیجیے۔

- مشق کا کام کروائیے۔

- طلبا سے اُن کے پسندیدہ حصے کی تصاویر بنوا کر جماعت میں نمائش کیجیے۔

☆ مصوتوں کا تعارف

- الفاظ کے آخر کی آوازوں کا اعادہ کرواتے ہوئے 'ا' کا تعارف کروائیے اس کی آواز 'ا' ہے۔ اور جب یہ کسی حروف سے ملتا ہے تو تھوڑی لمبی آواز دیتا ہے۔
- ذخیرۂ الفاظ بتائیے۔ (تارا ، باجا ، مالا ، تالا ، کالا ، چاچا ، چارا ، کاٹا ، مارا......)
- گلاب کا صفحہ نمبر ٦٧ بورڈ پر بنائیے۔ بچوں سے درست طریقے سے کام کروائیے۔

☆ 'ا' کی آواز کا اعادہ کروائیے۔

- تصاویر کے ساتھ فلیش کارڈز دکھائیے۔




- کاپی میں 'ا' لکھوائیے۔

نوٹ: الف کی بطور مصمتہ آواز اَنار ، امی ......میں آتی ہے اور بطور مصوتہ لمبی ہوتی ہے جیسے بابا ، بچوں کو سمجھانے کے لیے بتائیے کہ الف جب شروع میں آتا ہے تو چھوٹی سی آوازا دیتا ہے اور آخر میں آتا ہے تو لمبی جیسے با۔ اس آواز کو جتنا چاہیں کھینچ سکتے ہیں۔ آواز لمبی کرنے کی سرگرمی بھی کروائیے۔ بولیے با ا ا ا

# پانچواں ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- تمام سیکھی گئی آوازوں/ حروف کا اعادہ کر سکیں۔
- 'و' اور 'ی' کی بطور مصوتہ آواز سیکھ سکیں۔
- 'و' اور 'ی' کی لکھائی کر سکیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز حروف تہجی
- 'و' اور 'ی' کے تعارف کے لیے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر اور تعارفی اشیا
- گلاب صفحات نمبر ۶۸ ، ۶۹
- اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحات نمبر ۴۶ ، ۴۸
- کاپی

## طریقۂ کار:

☆ فلیش کارڈز سے 'ا سے ہ' تک ترتیب وار پڑھائی کروایئے۔

تختۂ تحریر پر 'و' لکھ کر اس کی بطور مصوّتہ آواز (او 'o') سکھایئے۔

ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔ سوچو ، ٹوکو ، لوگو ، موڑو ، جوڑو ، توڑو۔

نوٹ: 'و' کی بطور مصوّتہ آواز ورق ، وضو ...... ہے مگر یہاں بطور مصوّتہ او انگریزی کے o کی طرح سکھائی جائے گی۔

- اس کے لیے بھی بچوں کو بتایئے کہ شروع میں آنے والی واؤ کی آواز چھوٹی ہوتی ہے اور آخر میں آنے والی لمبی ہوتی ہے اسے جتنا چاہے کھینچ سکتے ہیں۔ بولیے بو و و و۔
- ریت ، ہوا ، تختۂ تحریر پر 'و' بنانا سکھایئے۔

نوٹ: بتایئے کہ 'و' کا اوپر کا حصہ 'ق' اور 'ف' کی طرح بنایا جاتا ہے ، لائن پر بٹھایئے و ۔

☆ فلیش کارڈز 'ا سے ہ' تک ترتیب وار پڑھائی کروایئے۔


- تختۂ تحریر پر 'و' لکھ کر اس کی بطور مصوتہ آواز (او 'o') کا اعادہ کیجیے۔
- گلاب کا صفحہ بورڈ پر بنایئے۔ بچوں سے درست طریقے سے کام کروایئے۔

☆ فلیش کارڈز سے 'ا سے ہ' تک پڑھایئے۔

- تختۂ تحریر پر 'و' بنا کر دکھایئے۔
- 'و' کا ذخیرۂ الفاظ دہرایئے۔
- خوشخطی صفحہ نمبر ۴۶ پر کام کروایئے۔

☆ پہلے سے تیار کاپی میں 'و' لکھوایئے۔

- 'ی' بطور مصوتہ متعارف کروایئے۔
- 'ی' کی بطور مصوتہ آواز جو انگلش کی ای 'E' کی طرح ہے، سکھایئے۔
- ذخیرۂ الفاظ بتایئے۔ باجی، باسی، تازی، روٹی، موٹی، کوٹی، موتی۔
- فلیش کارڈز دکھایئے۔




نوٹ: 'ی' کی بطور مصمتہ آواز وہ ہے جو 'یکّے' میں آتی ہے لیکن یہاں صرف آخر یا درمیان میں آنے والی E ای کی آواز سکھایئے۔

- بچوں کو بتایئے کہ 'ی' شروع میں ہو تو مختصر 'یا' کی آواز دیتی ہے لیکن آخر میں آنے پر ای E کی آواز دیتی ہے اور اسے جتنا چاہیں کھینچ سکتے ہیں بولیے۔ ای ی ی ی ی ......

☆ فلیش کارڈز سے 'ا' سے 'ی' تک پڑھائی کروایئے۔

- 'ی' کی بطور مصوتہ آواز جو انگلش کے ای 'E' کی طرح ہے، کا اعادہ کیجیے۔
- 'ی' کی درست لکھائی کے لیے ہوا، بورڈ پر ضرور لکھوایئے۔
- گلاب کا صفحہ نمبر ۶۹ بورڈ پر بنایئے۔ بچوں سے درست طریقے سے کام کروایئے۔
- مزید مشق کے لیے اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ۴۸ گھر سے کرنے کے لیے دیجیے۔

# چھٹا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہوجائیں کہ:

- فلیش کارڈز سے پڑھ سکیں۔
- 'ی' کی مشق کرسکیں۔
- 'ے' کی آواز بطور مصوتہ بتا سکیں۔
- 'ے' کی لکھائی کرسکیں۔
- 'ا' سے 'ے' تک تمام حروف کا اعادہ اور لکھائی کرسکیں۔


## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (حروف تہجی)
- تختۂ تحریر
- کاپی میں کام 'ی' ۔ 'ے' ۔ 'ا' سے 'ے' تک ترتیب وار لکھائی۔
- 'ے' کے تعارف کے لیے فلیش کارڈز اور ذخیرۂ الفاظ۔
- گلاب صفحات نمبر ۷۰ ، ۷۱ ، ۷۲

## طریقۂ کار:

☆ فلیش کارڈز سے ترتیب وار حروف تہجی پڑھائیے۔

- 'ی' کا ذخیرۂ الفاظ دہرائیے۔
- 'ی' کی مشق کاپی میں کروائیے۔
- 'ے' کی بطور مصوتہ آواز جو انگلش کے اے A کی طرح ہے سکھائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ دیجیے۔ (تارے ، جاگے ، مارے ، سوتے ، روتے ، ہولے......)
- فلیش کارڈز دکھائیے۔




نوٹ: 'ی' کی طرح 'ے' کی بطور مصمتہ آواز وہی ہے جو یکّے کے شروع میں آتی ہے لیکن یہاں الفاظ کے آخر میں آنے والی 'اے' کی آواز سکھائی جائے گی۔

- بچوں پر واضح کیجیے کہ 'ے' شروع میں آئے تو 'ی' کی طرح چھوٹی سی 'یا' کی آواز دیتی ہے، آخر میں آنے پر بالکل مختلف آواز 'ے' بن جاتی ہے جسے جتنا چاہیں کھینچا جا سکتا ہے۔ بولیے اے ے ے ے

☆ فلیش کارڈز سے ذخیرۂ الفاظ اور حروفِ تہجی 'ا سے ے' درست ترتیب سے پڑھایئے۔

- 'ے' کی بطور مصوّتہ آواز کا اعادہ کیجیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کیجیے۔
- 'ے' کی درست لکھائی کے لیے ہوا میں اور تختۂ تحریر پر ضرور لکھوایئے۔
- گلاب کا صفحہ نمبر ٧٠ بورڈ پر بنا کر درست طریقے سے کام کروایئے۔
- 'ے' کی مزید مشق اُردو خوشخطی سلسلہ (حصہ اوّل) صفحہ نمبر ٤٩ میں کروایئے یا گھر کے لیے دیجیے۔

☆ فلیش کارڈز سے 'ا سے ے' تک ترتیب وار پڑھائی کروایئے۔


- 'ے' کا ذخیرۂ الفاظ دہرایئے۔
- 'ے' کی مشق کاپی میں کروایئے۔

☆ فلیش کارڈز اور بورڈ کے ذریعے 'ا سے ے' تک ترتیب وار پڑھائی کروایئے۔

- گلاب کا صفحہ نمبر ٧١ اور ٧٢ سمجھا کر کروایئے۔
- بچے، لکھے گئے حروف کے نیچے درست طریقے سے حروف نقل کر کے لکھیں۔


☆ فلیش کارڈز اور بورڈ کے ذریعے 'ا سے ے' تک ترتیب وار پڑھائی کروایئے۔

- کاپی میں 'ا سے ے' تک درست طریقے سے لکھوایئے۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے بصری الفاظ پڑھوایئے۔
- مزید مشق خوشخطی حصہ اوّل صفحات نمبر ٥٠، ٥١ پر کروایئے۔
- کتاب غبارے کا پورا جائزہ بچوں کے ساتھ لیجیے یاد کروایئے۔ کون کون سی کہانیاں پڑھی تھیں کیسی لگیں؟ کتاب کے صفحات ٤٨ اور ٤٩ کروایئے۔
- مشاہداتی رپورٹ برائے معلّم/معلّمہ میں اپنے مشاہدے کا اندراج کیجیے۔



گھاس
آمنہ
گائے
کھانا
کھڑکی
دروازہ


احمد عدنان
ف
فٹ بال


28/2/13
Husnain
حسنین
س
سیب


حسام
کہانی دعوت
کتاب "غبارے"
گھاس
بلی کا گھر
کھانا


مہر علی
بلی کا گھر
گائے
تتلی
گھڑی
گھڑی
گاڑی
بھالو
کھانا


ق
قالین
حسنین


ق
قالین